ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

Series No 20

# علوم البیوع

# Uloom Ul Buyoo'

وضاحت(Disclaimer)

یہ کتاب کسی بھی خاص (particular) شخص یا کمپنی کے لیے نہیں لکھی گئی ہے۔

اس کتاب میں صرف قرآن وسنت کی روشنی میں حلال وحرام اور علماء کرام کے جو فتاوی جات ہیں اس کی معلومات دی گئی ہیں؛ یہ کتاب کسی بھی خاص (Particular) شخص یا کمپنی کی موافقت یا مخالفت میں نہیں لکھی گئی ہے؛لہذا اس کتاب کو بنیاد بنا کر کہیں کوئی کمپنی چلاتا ہو تو وہ خود اس کا ذمہ دار ہے صاحب کتاب کا اس کے اس بزنس سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ اس لیے پہلے آپ خود قانون، ماہرین اور سی اے (CA) سے معلومات کر کے اپنے طور سے توثیق کرتے ہوئے اور اپنی ذمہ داری پر کسی بزنس میں شراکت داری کریں؛ یہ آپ کی اپنی صوابدید پر ہے۔

جمع وترتیب برائے ورکشاپ نوٹس: شیخ ارشد بشیر عمری مدنی

**Shaikh Arshad Basheer Umari Madani**

Hafiz, Aalim, Faazil (Madina University, KSA) MBA. Founder & Director of AskIslamPedia.com
Chairman: Ocean The ABM School, Hyd.

# علوم البیوع

ABM Workshops

جمع وترتیب برائے ورکشاپ نوٹس :

شیخ ارشد بشیر عمری مدنی سلمہ اللہ

**Shaikh Arshad Basheer Umari Madani**

Hafiz, Aalim, Faazil (Madina University, KSA) MBA.
Founder & Director of AskIslamPedia.com
Chairman: Ocean The ABM School, Hyd.

# فہرست کتاب


| Topics | عناوین |
|---|---|
| Few etiquette of Business | بیوع کے چند آداب |
| General Rules | بعض عام قواعد |
| Conditions for Business | شروط بیع کی چار قسمیں |
| Choice of cancelling or altering a transaction | خیار کے مباحث |
| Prohibited Kinds of Business | بیع کی حرام قسمیں |
| Notes on Conditions, Choices and Prohibitions | شرائط،خیار اور محرمات پر بعض ملاحظات |
| Case Studies: | تطبیقی پہلو: |
| Insurance | A. پارٹنر شپ اور شیر مارکیٹ کے حلال و حرام کے مسائل |
| Banking | B. چین مارکیٹ کی تفصیلات |
| Partnership and Sharemarket | C. انسٹالمینٹ کی تفصیلات |
| Chain Market | D. انشورنس (حرام) اور تکافل اجتماعی(حلال) کی تفصیلات |
| Installment | E. اسلامی بینکنگ اور غیر اسلامی بینکنگ کی تفصیلات |
| Competition | F. مسابقہ |
| Few More about Business | بیوع کی چند مزید ابحاث<br>(بیع سلم،رہن،الاجارہ،ہبہ ، ہدیہ،عطیہ،وصیت،لقطہ،وقف، عاریت،ضمانت،وکالت ، کفالت،حوالہ) |
| Question and Answers upon Latest Issus of Business<br>(Yes / No / Detail Answer) | بیوع کے جدید مسائل سوال جواب کی شکل میں<br>(ہاں،نااور فیہ تفصیل کے انداز میں) |


ABM Workshops

| | |
|---|---|
| Principles and Guidelines from Fathul Bari | فقہی قواعد وضوابط |
| Jurisprudence principles for business | بیوع کے فقہی قواعد |
| Quranic Aaayats on Business | بیوع کی آیات |
| Ahadith on Business | بیوع کی احادیث |
| Terminology of Bossiness | بیوع کے مصطلحات |
| General Business Terminologies | عام اصطلاحات بیع (انگریزی) |
| Halaal o Haraam ki pahchaan | حلال وحرام کی پہچان |
| Questions for Students | طلبہ کے لیے سوالات |
| References | مراجع |


ABM Workshops

## بیوع کے چند آداب

1- طلب رزق میں صبح سویرے جانے کی ترغیب دی گئی ہے۔ (سنن أبي داود:2606)

2- خرید وفروخت میں نرمی کا حکم دیا گیا ہے۔ (صحیح الجامع:3495)

3- قرض میں لکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ (البقرہ: 282)

4- ناپ تول میں کمی کے خلاف دھمکی دی گئی ہے۔ (المطففین:1)

5- تجارت میں داخلے سے پہلے مسائل سے واقف ہونا ضروری ہے۔ (صحیح الترغیب:72)

6- بیع مندرجہ ذیل طریقوں سے منعقد ہوتی ہے:

أ. بائع کا زبان سے ادا کرنا اور مشتری کا حاصل کرنا

ب. مشتری کا زبان سے ادا کرنا اور بائع کا دینا

ت. بائع اور مشتری کا ایک دوسرے کو حوالے کرنا (صحیح فقہ السنّہ:257-260)

7- لکھ کر دینے لینے میں بیع قائم ہوگی۔ (صحیح فقہ السنّہ:257-260)

8- اشارے سے بھی بیع منعقد ہوگی۔ (صحیح فقہ السنّہ:257-260)

9- لکھنے والا اجرت لے سکتا ہے۔ (تفسیر قرطبی:3/382-383)

10- لکھنے والے کی اجرت بائع دے گا۔ (تفسیر قرطبی:9/ 260)

## Buyu ke chand aadab

1. Talab e Rizq me subah savere jane ki targheeb di gayi hai.
2. Khareed o Farookht me narmi ka hukm diya gaya hai.
3. Qarz me likhne ka hukm diya gaya hai.
4. Naaptol me kami ke khilaaf dhamki di gayi hai.
5. Tijarat me dakhile se pehle masaail se waqif hona zaroori hai.
6. Bai’ mandarja zail tareeqo se mun’aqad hoti hai:
   a. Baae’ ka zabaan se ada karna aur mushtari ka hasil karna.
   b. Mushtari ka zabaan se ada karna aur baae’ ka dena
   c. Baae’ aur Mushtari ka ek dosre ko hawale karna
7. Likh kar dene kene me bai’ qaayem hogi.
8. Ishaare se bhai bai’ mun’aqad hogi.
9. Likhne wala ujrat le sakta hai.
10. Likhne wale ki ujrat baae’ dega.

ABM Workshops

# بعض عام قواعد

| | |
|---|---|
| الدين مبني علي المصالح | في جلبها والدرء للقبائح |
| دین کی بنیاد مصالح پہچانے اور نقصان سے بچانے پر ہے۔ | |
| فان تزاحم عدد المصالح | يقدم الاعلي من المصالح |
| جب ایک سے زائد مصلحتیں جمع ہو جائیں تو سب سے اعلی مصلحت کو مقدم کریں گے۔ | |
| وضده تزاحم المفاسد | يرتكب الادني من المفاسد |
| اس کے عکس اگر مفاسد جمع ہو جائیں تو سب سے ادنی مفسدہ کا ارتکاب کیا جائے گا۔ | |
| ومن قواعد الشريعة التيسير | في كل امر نابه تعسير |
| شریعت کے قواعد میں ایک قاعدہ تیسیر (آسانی) کا ہے، ہر اس امر میں جس میں مشقت کا سامنا ہو۔ | |
| وليس واجب بلا اقتدار | ولا محرم مع اضطرار |
| ہر وہ چیز جو انسان کی استطاعت کے باہر ہو وہ واجب نہیں، اور مجبوری میں حرام نہیں۔ | |
| وكل محظور مع الضرورة | بقدر ماتحتاجه الضرورة |
| ضرورت پڑنے پر ممنوع اشیاء بقدرِ ضرورت ہی جائز ہوتی ہیں۔ | |
| وترجع الاحكام لليقين | فلا يزيل الشك لليقين |
| احکام میں حکم یقین کا ہو گا، اور شک کی وجہ سے یقین کو زائل نہیں کیا جائے گا۔ | |
| والاصل في مياهنا الطهارة | والارض والثياب والحجارة |
| پانی کی اصل طہارت (پاک) ہے اسی طرح زمین، کپڑا اور پتھر کی بھی اصل طہارت ہے۔ | |
| والاصل في الابضاع واللحوم | والنفس والاموال للمعصوم |
| تحريمها حتي يجيئ الحل | فافهم هداك الله مايمل |
| گوشت کھانے، قتل کرنے، جماع کرنے، معصوم کا مال کھانے میں اصل حرمت ہے، یہاں تک کہ اس کے حلال ہونے کی دلیل نہ مل جائے۔ | |
| والاصل في عاداتنا الاباحة | حتي يجيئ صارف الاباحة |
| عادات میں اصل چھوٹ (اباحت) ہے، یہاں تک کہ اس کے منع کی کوئی دلیل نہ مل جائے۔ | |
| وليس مشروعا من الأمور | غير الذي في شرعنا مذكور |
| وہی عبادات مشروع ہیں جن کا ذکر ہماری شریعت (اسلامیہ) میں مذکور ہے۔ | |
| الأصل في الأشياء الإباحة | اشیاء کی اصل اِباحہ (حلال) ہے۔ |
| التحليل والتحريم من حق الله وحده | حلال و حرام کرنے کا اختیار اللہ تعالیٰ ہی کو ہے۔ |
| تحليل الحرام وتحريم الحلال من أكبر الكبائر | حلال کو حرام کرنا اور حرام کو حلال بہت بڑا کبیرہ گناہ ہے۔ |
| في الحلال ما يغني عن الحرام | حلال اشیاء میں وہ تمام خوبیاں ہیں جو حرام سے مستغنی کر دے |
| ما أدى إلى الحرام فهو حرام | ہر وہ شئے جو حرام تک لے جائے حرام ہے۔ |
| التحايل على الحرام حرام | حرام اشیاء پر حیلہ بازی کرنا بھی حرام ہے۔ |

ABM Workshops

# شروط بیع کی چار قسمیں

I. شروط انعقاد

- عاقد
  - تصرف کا مالک ہو اور قابل ہو۔
    - آزاد ہو مجبور نہ ہو (بخاری:2204، مسلم:1543)
    - بالغ (نساء:6)
    - عاقل (ابوداؤد:4398، ترمذی:1423)
    - رشد (نساء:6)
- معقود
  - مبیع موجود ہو (ابوداؤد:3503، صحیح)
  - قیمت اور سامان حوالہ کرنے کی طاقت ہو (مسلم:1513)
  - حلال سامان مہیا کرے۔ (مسلم:1718، مائدہ:3)
  - قبضہ میں ہو۔ (بخاری:2133، مسلم:1525)
  - بیع کی صورت میں رکاوٹ ڈالنے والے مواقع سے پاک ہو۔ (صحیح فقہ السنہ و أدلتہ:4/274)

II. شروط صحت

- جہالت نہ ہو کسی بھی چیز میں (مسلم:1513)
- دھوکہ نہ ہو۔ (مسلم:1513)
- مجبور نہ ہو۔ (بخاری:2204، نساء:29)
- ملکیت مؤقتی نہیں بلکہ ابدی ہو۔ (ابوداؤد:3503، الشرح الممتع:ص98)
- فاسد شروط جو بیع کے تقاضوں کے خلاف ہو۔ ایسے شروط سے پاک ہو۔ (صحیح فقہ السنّۃ:ص274)

III. شروط نفاذ

- ملکیت ثابت ہو۔ (ابوداؤد:3503)
- دو مالک ہوں تو دونوں کی رضامندی ضروری ہے۔ مالک بننے کے لئے۔ (نساء:29)

IV. شروط لزوم

- سارے خیارات کی تکمیل ہو چکی ہو۔

ABM Workshops

- **Buyoo ke liye 5 baatho ke sharaayet zaruri hai**

1. aaqid ke sharaayet
2. maqood ke sharaayet
3. sheet ke sharaayet
4. nifaaz ke sharaayet
5. lazoom ke sharaayet

**a. Aaqid ke liye shraayet:**

1. Tasarruf ka maalik ho aur qaabil ho
2. Azaad hp majboor na ho
3. Baaligh hona zaruri hai
4. Aqal mandh hona zaruri hai
5. Rashd ho

**b. Maqoodh ke sharaayet:**

1. Bayi maujood hona zaruri hai
2. Qimat aur samaan hawaala karne ki taaqat ho
3. Halaal samaan muhiyya karna chahiye
4. Jo samaan bech rahe ho wo kisi dosre ke qabze mein nahi hona chahiye
5. Bayi ki surat mein rukavat daalne waale mauqe se paak hona chahiye

**c. Sehet ke sharaayet:**

1. Kisi bhi cheez mein jihalat na ho
2. Dhoka nah o
3. Majboor na ho
4. Milkiyat abdi ho
5. Faasid sharto se paak ho

**d. Nifaaz ke shurooth:**

1. Milkiyat saabith honi chahiye
2. Do maalik ho to duno ki razamandi zaruri hai

**e. Lazoom ke sharaayet:**

1. Saare khayaraat ki takmeel ho chuki ho

ABM Workshops

➢ خیار کے مباحث

- خیار مجلس: بائع اور مشتری دونوں کو حق ہے کہ جب تک مجلس باقی ہے لیں یا چھوڑدیں۔(بخاری: 2082)
- خیار غبن: دھوکہ کی بنیاد پر خیار یہ ہے کہ وہ مال یا سامان واپس کر سکتا ہے۔(مسلم:1533)
  - جیسے: گاؤں والوں کے سامان کو دھوکہ کی بنیاد پر یا بیوقوف بنا کر حاصل کیا ہے۔
  - بولی کے وقت جھوٹی بولی سے قیمت کو بڑھایا جاتا ہے۔
  - آزادانہ بیع: دھوکہ کی غرض سے قیمت کو طئے نہ کیا گیا تا کہ بھولے پن سے فائدہ اٹھائے۔
- خیار شرط: بائع اور مشتری دونوں کو اختیار ہے کہ اگر شرط مکمل نہ ہو تو بیع رد کر دے یا قبول۔(بخاری:2112، مسلم:1531)
- خیار تدلیس: مشتری کو یہ حق اس وقت ملتا ہے جب وہ سامان میں دھوکہ پائے۔(ابن حبان:4970)
- خیار عیب: اگر سامان میں عیب ہو تو مشتری کو حق خیار ہے۔(ابن ماجہ:1837)
- خیار الخلف: مال یا سامان میں وعدہ خلافی: مال یا سامان میں وعدہ خلافی پر دونوں کو حق ہے۔(المغنی لابن قدامہ:3/496)
- خیار الصفۃ(صفت میں وعدہ خلافی): صفت میں کمی بیشی پر مشتری کو سامان میں خیار ہے۔(المغنی لابن قدامہ:3/496)

- Khiyaar ke mabaahis

Choices at the time of Dealing : Buyer and Seller both have complete authority to either do or terminate the dealing.
Choice for Any Kind of Defect : The buyer can cancel the deal if any kind of defects is found.
For example : gaaon walo ke samaan ko dhoke ki bunyaad par bewaqoof bana kar hasil kiya hai.
During Auction, the price is increased by some people of the seller itself, it is also an example of cheating.
During the time of Transaction if the price was not fixed, Later the seller cheats the buyer by saying an increased price due to the innocence of the buyer.
Choice Upon Fulfillment of Conditions : both the buyer and seller have full choice to do the deal if the conditions are fulfilled and to decline the deal if the conditions doesn't met.
Choice up on Cheating : Buyer have the right to reject the product or deal upon finding any defect in it.
Choice of Defect : If there is any kind of defect in the product the buyer can reject the deal.
Choice Upon Fulfillment of Agreement : If the buyer finds any delay or defect in the said product, he have full authority to cancel the deal.
Agreement : both the buyer and seller have the right to cancel the deal when there is a difference in the quality or quantity of the product.

ABM Workshops

# بیع کی حرام قسمیں

## 1) ربا کی وجہ سے حرام

1. بیع عینہ (حیلہ بازی کی قسم) (ابوداؤد:3462)
2. تاخیر پر سود کا لزوم (بقرہ:275)
3. سودی قرض (بقرہ:275)
4. مخصوص بارٹر سسٹم میں سود / مخصوص اشیاء ربویہ کے تبادلہ میں سود (بقرہ:275)
5. زراعتی معاملات میں سود (بقرہ:275)
6. اضافہ کے ساتھ قسطوں کی بیع کا حکم، سود شمار ہے یا نہیں؟ (بقرہ:275)

## 2) غرر اور جہالت کی وجہ سے حرام (مسلم:1513)

1. قبضہ کے بغیر بیچنا (ابوداؤد:3503)
2. بیع میں غیر معروف استثناء (صحیح ابن حبان:4971)
3. بیع مجہول (المعجم الکبیر:11/11935)
4. مادر رحم کے بچہ سے متعلق بیع (بخاری:3843، مسلم:1514)
5. پرکھے بغیر بیع (بخاری:584)

## 3) مبیع یا پروڈکٹس یا سامان بذات خود حرام ہو

1. شراب (مائدہ:9)
2. غیر ذبیحہ (جو شرعی طریقہ پر ذبح نہ کیا گیا ہو) (مائدہ:9)
3. خنزیر (مائدہ:9)
4. بت (بخاری:2236، مسلم:1581)
5. بلی اور کتا (بخاری:2237، مسلم:1569)
6. خون (ابوداؤد:3488، بخاری:2238)
7. موسیقی کے سارے آلات (لقمان:6-7، بخاری:5590)

APM Workshops

## 4) نقصان اور دھوکہ دہی کے وجود کی وجہ سے حرام

1. کسی کے بیع وشراء کے دوران اپنی بیع شراء کی بات کرنا (مسلم:1413)
2. بھولے بھالوں کو دھوکہ دے کر کمانا (مسلم:1533)
3. کھیتوں کے پانی میں رکاوٹ ڈالنا بغیر کسی جائز حق کے
4. ناجائز ذخیرہ اندوزی (مسلم:1605)
5. ہر دھوکہ دہی کی بیع (مسلم:1513)
6. زبردستی خریدنے پر مجبور کرنا (ابن ماجہ:1792،نساء:29)

## 5) حرمت میں اختلاف ہو فقہاء میں

1. پیسہ حاصل کرنا حیلہ بازی کے ذریعہ (ابو داؤد:3462)
2. بیعانہ (Advance Payment) (المجموع للنووی:9/247)

## 6) خارجی اسباب کی بنیاد پر حرام

1. جمعہ کی اذان کے دوران بزنس (جمعہ:9)
2. مسجد میں بزنس (ارواء الغلیل:1295)
3. کافر کو مصحف بیچنا (الشرح الممتع: 8/118-119)
4. جان بوجھ کر شراب بنانے والوں کی مطلوبہ اشیاء کے ذریعہ مدد کرنا (مائدہ:2)

ABM Workshops

# Bae ki Haraam qismein

## 6 wajuhaat ke bina par bay haraam ki shakal eqtiyaar kar leti hai

1. **Riba ki wajeh se:** jaise heela baazi ki raqam, taqeer par soodh ko laazim karna, soodi qarze, makhsoos ashya ke tabaadele mein soodh, zara'aati mamelaat mein soodh, izaafe ke saath qisto ki bayi ka hukm jae hai ya naajaez usme ikhtilaaf hai.

2. **Gharar aur jahaalat ki wajeh se:** jaise qabze ke baghayr bech dena, ghayr maroof istesna, bayi majhool, madar rahem bacche se mutalliq bayi, parkhe baghayr bayi karna.

3. **Products haraam hone ki wajeh se:** jaise sharaab, aisa janwar jo sharayi tariqe se zubah na kiya gaya ho, khinzeer, buth , billi aur kutta, qoon, mausiqi ke saare alaath.

4. **Nuqsaan aur dhuka dahi ki wajeh se :** kisi ki bayi wa shara'a ke dauraan apni baye shara'a ki baath karna, bhule bhaalo ko dhuka de kar kamana, baghayr kisi jaayez har ke kheto ke paani mein rukavat daalna, na jayeez zakhira andoozi karna, har dhoka dahi ki bayi, zabardasti kharidne par majboor karna

5. **Fuqha mein kisi samaan ki hurmat mein eqtelaaf ho to:** jaise hila baazi ka zariye paisa haasil karna, bae'ana (advance payment)

6. **Qaarji asbaab ki bunyaad par:** jaise juma ke din azaan ke dauraan tijarat karna, masjid mein tijarat karna, kaafir ko mus'haf bechna, jaan boojh kar sharaab banaane waalo ki matlooba ashya ke zariye madad karna.

ABM Workshops

# Prohibited Transactions

## I. Haraam due to Interest/Riba

1) Eenah
2) Interest due to Delayed Payment
3) Interest Due to Loan
4) Interest in Particular Barter System
5) Interest In particular Agriculture Activities
6) Installment Included or Not ?
7) Two transactions in one Transactions

## II. Haraam due to Ambiguity & Unknown

1) Selling without Possession except in Salam Transactions
2) Unknown exception in Transactions
3) Unknown Transactions
4) Selling of Animal Fetus
5) Buying without Examining

## III. Product itself is Haraam

1) Wine
2) Particular dead animals which die before proper sacrifice (Non Zabeehah)
3) Pig
4) Statues
5) Dogs and Cats
6) Blood
7) All Musical Instruments

## IV. Haraam due to Harmful Activities & Cheating

1) Interruption in two Person's Transaction
2) Cheating innocent buyers
3) Interrupting irrigation
4) Unlawful stocking of goods
5) All transactions due to cheating
6) Forced selling

## V. Difference in Opinion by Scholors in Haram

1) Tawarruq (Making Money Through Cheating Methods)
2) Arboon (Advance Payment)

## VI. Haram Due to External Reasons

1) Business during Jumuah Azaan
2) Business in Mosque
3) Selling Mushaf to Kafir
4) Selling Raw Materials knowingly to Wine Industries.

(Ex : Sugar cane, Equipment's or Molasses by Sugar Industries)

ABM Workshops

# شرائط، خیار اور محرمات پر بعض ملاحظات

- شرطوں اور خیار کو ایک ساتھ کرکے پڑھیں اور پڑھائیں۔ خیار کو سمجھنے کے لیے شرطوں اور موانع کا علم ضروری ہے۔
- شرطوں کی تکمیل اور موانع سے اجتناب

**ولا يتم الحكم حتى تجتمع كل الشروط والموانع ترتفع** (القواعد الفقهية للسعدي: 36)

- شرط نہ ہو تو مشروط بھی قائم نہیں ہوتا

**إذا فات الشرط فات المشروط**

# مجبوری کی صورت میں محرمات کے جواز کے مسائل

- مجبوری میں ممنوع چیزیں جائز ہو جاتی ہیں۔ (بقدر ضرورت، بوقت ضرورت) (انعام:119)

**الضرورات تبيح المحظورات** (تقدر بقدرها)

- محرمات میں بھی مراتب کا خیال رکھا جائے۔ (مائدہ:3)

**مراتب المحرمات ردا وفسادا.** (مراتب الفساد في البيوع)

- مجبوری کی صورت میں مفاسد کا ارتکاب کرتے وقت یہ دھیان میں رکھا جائے کہ اعلی محرمات کے مقابلہ میں حرام کی ادنی شکل استعمال کی جائے۔

**وضده تزاحم المفاسد يرتكب الأدنى من المفاسد** [القواعد الفقهية للشيخ السعدي: 14]

- اضطراری حالت میں شدید محرم کے مقابلہ میں غیر شدید محرم کا استعمال قابل ترجیح ہوگا۔
- مجبوری و اضطراری استعمال کی صورت میں محرم لذاتہ کے مقابلہ میں محرم لسببہ یا محرم لغیرہ کو ترجیح حاصل ہوگی۔
- بذات خود چیز محرم ہوتی ہے اور کبھی خارجی اسباب کی وجہ سے چیز محرم ہوتی ہے۔

ABM Workshops

# Case Studies

## (تطبیقی پہلو)

مذکورہ بالا قوانین کی روشنی میں آیئے چند تطبیقی پہلو(Case Studies)ملاحظہ ہوں:

A. پارٹنرشپ اور شیر مارکیٹ کے حلال و حرام کے مسائل

B. چین مارکیٹ کی تفصیلات

C. انسٹالمنٹ کی تفصیلات

D. انشورنس (حرام) اور تکافل اجتماعی (حلال) کی تفصیلات

E. اسلامی بینکنگ اور غیر اسلامی بینکنگ کی تفصیلات

F. مسابقہ

ABM Workshops

## A۔ پارٹنرشپ اور شیر مارکیٹ (Share Market) کے حلال و حرام کے مسائل

## B۔ چین مارکیٹ کی تفصیلات (Chain Market)

## C۔ انسٹالمنٹ کی تفصیلات (Installment)

شیخ سعد الخثلان کہتے ہیں: معاملات کی اصل اور بنیاد یہ ہے کہ وہ حلال ہے مگر محظورات شرعی ثابت ہو جائے تو اس پر اسی مرتبہ کا مفسدہ لازم آئے گا اور شرعی حکم لگے گا۔ اس اصول کی بنیاد پر مذکورہ بالا تین مسائل اصل کے اعتبار سے حلال ہیں لیکن ان تینوں مسائل میں شرعی طور پر ممنوع چیزوں کی بھرمار ہے، اس وجہ سے بہت ہی احتیاط سے کام لیا جائے۔ تفصیل کے بغیر حرام و حلال کہنے سے پرہیز کیا جائے۔ [فقه المعاملات المالية المعاصرة – أ. د. سعد بن تركي الخثلان]

تین مسائل سے متعلق چند معلومات غور و فکر کی غرض سے اور طلبہ میں تحقیقی مزاج پیدا کرنے کی خاطر اس کورس میں سپرد قلم کیے جا رہے ہیں۔

A. Share Market

B. Chain Business

C. Installment

Shaik saad al Khaslaan kehte hai : Muamlaat ki asal aur buniyad yeh hai ke wo halaal hai magar mahzoorat shar'i saabit ho jaye toh is par isi martaba ka mufsidah lazim aayega aur shar'i hukm lagega. Is usool ki buniyaad par mazkoorah balateen masaayel asal etebaar se halaal hai lekin in teeno masaayel me shar'i taur par mamnoo cheezo ki bharmaar hai, Is wajah se bahut hi ihtiyaat se kaam liya jaye. Tafseel ke baghair Haraam o halaal kahne se parhez kiya jaye.
Teen masaayel se mutaliq chand maloomat ghaur o fikr ki gharz se aur talba me tahqeeqi mizaaj paida karne ki khatir is course me sapurd qalam kiye jarahe hai.

ABM Workshops

# A۔ پارٹنرشپ اور شیر مارکیٹ (Share Market) کے حلال وحرام کے مسائل

- عقود میں مشارکت
  - شرکۃ العنان: مال اور محنت میں شرکت
  - شرکۃ الوجوہ: ذمہ داری کی اعتبار سے شرکت بغیر کسی مال کے لگاتے ہوئے
  - شرکۃ الابدان: محنت میں شرکت
  - شرکۃ المفاوضہ: ایک دوسرے کو وکیل بنا کر محنت کرنا
  - المضاربۃ: مضاربت (ایک کا مال ایک کی محنت)
- ملکیت میں مشارکت

[الشرح الممتع: 9/389–438]

# A. Partnership aur share market ke halaal wa haram ke masail

**partnership ki 2 shakle hai**

1. Uqoodh mein shirkath
2. Milkiyath mein shirkath

1. Uqoodh mein shirkath ki 5 shakle hai
   a. Maal aur mehnath mein shirkath
   b. Zimmedaari ke etebar se shirkath baghayr kisi maal ke lagaate hoye
   c. Mehnath mein shirkath
   d. Ek dosre ko wakeel bana kar mehnath karna
   e. Ek ka maal aur ek ki mehnath

# A. Different Types of Partnership and Share market

A. Partnership in Contracts
   1. Sharikatul Enaan: Partnership by wealth and action
   2. Sharikatul Wujooh: Partnership in responsibility but without wealth
   3. Sharikatul Abdaan: Partnership in work
   4. Sharikatul Mufawazah: Partnership and Trust
   5. Almuzaarabah: Silent Partnership

B. Partnership in Property

ABM Workshops

## مضاربہ کے دلائل

1. وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْيَتَامَىٰ ۖ قُلْ إِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ ۖ وَإِن تُخَالِطُوهُمْ فَإِخْوَانُكُمْ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ ۚ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَأَعْنَتَكُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿٢٢٠﴾بقرہ [نفع اور نقصان میں شریک ہونے کی دلیل]

ترجمہ: اور تجھ سے یتیموں کے بارے میں بھی سوال کرتے ہیں آپ کہہ دیجیئے کہ ان کی خیر خواہی بہتر ہے، تم اگر ان کا مال اپنے مال میں ملا بھی لو تو وہ تمہارے بھائی ہیں، بدنیت اور نیک نیت ہر ایک کو اللہ خوب جانتا ہے اور اگر اللہ چاہتا تو تمہیں مشقت میں ڈال دیتا، یقیناً اللہ تعالیٰ غلبہ والا اور حکمت والا ہے۔

2. وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْوًا انفَضُّوا إِلَيْهَا وَتَرَكُوكَ قَائِمًا ۚ قُلْ مَا عِندَ اللَّهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ ۚ وَاللَّهُ خَيْرُ الرَّازِقِينَ ﴿١١﴾جمعہ

ترجمہ: اور جب کوئی سودا بکتا دیکھیں یا کوئی تماشا نظر آجائے تو اس کی طرف دوڑ جاتے ہیں اور آپ کو کھڑا ہی چھوڑ دیتے ہیں۔ آپ کہہ دیجئے کہ اللہ کے پاس جو ہے وہ کھیل اور تجارت سے بہتر ہے۔ اور اللہ تعالیٰ بہترین روزی رساں ہے۔

3. نبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی موجودگی میں مضاربہ اور مشارکہ کی شکلیں پائی گئی اس پر نبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کا نہ روکنا اقرار کی علامت اور فقہاء نے تاریخ میں مسلسل اس عمل کے تواتر کو اجماع سے تعبیر کیا جو خود ایک دلیل کی حیثیت رکھتی ہے کیونکہ نبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کا ارشاد ہے:

إِنَّ اللهَ تعالى لا يجمَعُ أمتي على ضلالَةٍ ، و يدُ اللهِ على الجماعَةِ. [سنن الترمذي:2167]

ترجمہ: رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا اللہ تعالیٰ میری امت کو گمراہی پر جمع نہیں کرے گا اور جماعت پر اللہ تعالیٰ کا ہاتھ ہوتا ہے۔

## Muzaaraba ke Dalail

1. Aur tujh se yateemo ke bare me bhi sawaal karte hain aap kahdijiye ke unki khair khwahi bahtar hai, tum agar unka maal apne maal me mila bhi lo to wo tumhare bhai hain, bad niyyat aur nek niyyat hare k ko Allaah khoob jaanta hai aur agar Allaah chahta to tumhe mashaqqat me daal deta, yaqeenan Allaah ghalbe waala aur hikmat waala hai. (Baqarah: 220)    [nafa' aur nuqsaan me shareek hone ki daleel]
2. Aur jab koi sauda bikta dekhein ya koi tamasha nazar aajae to uski taraf daud jaate hain aur aap ko khada hi chodh dete hain. Aap kahdijiye ke Allaah ke paas jo hai wo khel aur tijarat se bahtar hai, aur Allaah ta'ala bahtareen rozi rasaa hai. (jumu'ah: 11)
3. Nabi Sallallahu Alayhi Wa salam ki maujoodgi mai muzaarabah aur musharikah ki shaklain paayi gayi iss per Nabi Sallallahu Alayhi Wa salam ka na rookna iqraar ki a'laamat aur fuqhaa'ne tareekh mai musalsal iss a'mal ke tawatir ko ijmaa' se ta'beer kiya jokhud ek daleel ki haysiyat rakhte hai kyuke Nabi Sallallahu Alayhi Wa salam ka irshad hai: (Meri ummat zalaalat per jama' nahi ho  sakti)

ABM Workshops

## A. شیر مارکٹ کے اصول

بیع وشراء کا مفہوم اور پارٹنر شپ کا مفہوم واضح طور پر سمجھنا ضروری ہے، دونوں کے طریقہ کار اور اصولوں میں فرق کو ملحوظ رکھا جائے۔
اس مبحث میں پارٹنر شپ پر گفتگو ہوگی، سابقہ مباحث میں بیع وشراء کے شروط، موانع اور خیار پر گفتگو ہو چکی ہے، اور اسی طرح بینک اور انشورنس کے مسائل پر گفتگو ہو چکی ہے۔

1. نفع ونقصان میں شرکت: صرف نفع کا وعدہ یا عدم نقصان کا وعدہ صحیح نہیں ہے
2. دونوں کی رضامندی: پارٹنر آپسی رضامندی سے منافع کی شرح فیصد طے کرسکتے ہیں، 20-80، 30-70، 50-50۔
3. کسی بھی باطل طریقہ سے دوسرے مسلمان بھائی کا مال حلال نہ کیا جائے۔
4. کوئی بھی شرط حقوق اللہ یا حقوق العباد کے منافی نہ ہو اسی طرح صحت معاملت داری کے مخالف نہ ہو۔

- اسی ضمن میں شیر مارکٹ کے اصول کا علم ضروری ہے:

أ. اشیاء اور خدمات کا حلال ہونا ضروری ہے۔
ب. کمپنی کی بناء یا توسیع میں سودی قرض کی ملاوٹ نہ ہو۔
ت. کسی بھی سود یا سود کی شبیہ والی چیز نہ ہو۔ مثلاً:

I. بانڈس نہ ہوں
II. Preference share نہ ہو
III. کمپنی established ہونے سے پہلے مال سیال سے نفع حاصل کرنا سود کھانے کے ضمن میں آتا ہے لہذا اس سے بچنا چاہیے۔
IV. کمپنی کی سروس تو حلال ہو لیکن وہ تعاون کرتی ہو سودی کمپنی کو یا حرام کردہ اشیاء کو۔
V. کمپنی کے آمدنی کے ذرائع (receivable) تاخیر کی بنیاد پر بینک سے جو سود شامل ہو کر آتا ہے اس میں صفائی نہ ہو، شرعاً ممانعت ثابت ہو تو اس سے بچنا چاہیے۔

ث. جوے والی شکلوں میں نہیں جاسکتے جس میں ملکیت ثابت نہیں ہوتی اور اکراہ کی شکل نمودار ہوتی ہے۔ جس میں بغیر کسی اجازت کے صاحب مال کا مال بیچ دیا جاتا ہے، جیسے: FNO
ج. بیع سلم اور بیع فضولی کی روشنی میں مال پہنچانے کا امکان ہو تو فارورڈ سیلنگ کی اجازت ہے۔ پھر بھی احتیاط بہتر ہے کیونکہ محققین نے اس سے احتیاط کی دعوت دی ہے کیونکہ بیع سلم کی شرطیں نازک ہیں۔
ح. سود سے پاک ادھار ہو تو حاشیے کی بیع (marginal transaction) جائز ہے۔ پھر بھی احتیاط بہتر ہے کیونکہ محققین نے اس سے احتیاط کی دعوت دی ہے
خ. توقیت اور اکراہ کی بنیاد پر اگر کسی کی ملکیت کی آزادی نہ ہو اور وقت لگا کر اس کو مجبور کیا جا رہا ہو بیچنے پر تو ایسے وقت پر قابل اعتراض بن جاتا ہے، جیسا کہ Intraday

ABM Workshops

د.   ایک ہی دن میں بیچ دینے کی شرط لگادینا مختلف فیہ مسائل میں سے ہے۔ الا یہ کہ Intraday میں آزادی دی جائے کہ مکمل پیسہ ادا کر دے تو مالک بنادیا جائے گا۔ تب بھی تحقیق کرلی جائے کہ کہیں غیر اختیار ملکیت کی شکل نہ آجائے۔

نوٹ: یہ بعض نکات ہیں مزید مباحث مطول کتابوں میں ملاحظہ ہوں۔

[فقه المعاملات المالية المعاصرة – أ. د. سعد بن تركي الخثلان]

## A. Share Market ke Usool

Bae' wa shiraa ka mafhoom aur partnership ka mafhoom wazeh taur par samajhna zaroori hai, dono ke tareeqe kaar aur usoolo me farq ko malhooz rakha jaae.
Is mabhas me partnership par guftagu hogi. Saabiqa mabahis me bae' wa shiraa ky shuroot, mawane' aur khiyaar pr guftagu ho chuki hai, aur isi tarah bank aur insurance ke masail par bhi guftagu ho chuki hai.

1. Nafa wa nuksan me shirkat      sirf nafa ka wada ya adm e nuqsan ka wada sahi nahi hai.
2. Dono ki razamandi      Partner aapsi razamandi se munafe ki sharah feesad tai kar sakte hai.20-80, 30-70, 50-50.
3. Kisi bhi baatil tareeqe se dosre musalman bhai ka maal halaalh na kiya jaye.
4. Koi bhi shart huqooq Allah ya Huqooq Al Ibaad ke manafi na ho isi tarah sahet muamlat dari ke mukhalif na hai.

- Isi zaman me share market ke usool ka Ilm zaroori hai:
    a. Ashiaa aur khidmaat ka halaal hona zaroori hai.
    b. Company ki binaa ya tausee' me soodi qarz ki milawat na ho.
    c. Kisi bhi sood ya sood ki shabeeh wali cheez na ho. **Maslan**:
        I. Bonds na ho.
        II. Preference share na ho.
        III. Established company hone se pehle maal sayyaal se nafa hasil karna sood khane ke zaman me aata hai lihaza is se bachna chahiye.
        IV. Company ki service toh Halaal ho lekin wo taawun karti ho soodi company ko ya haraam kardah ashiaa ko.
        V. Company ke aamadni ke zaraaye taakheer ki buniyaad par bank se jo sood shamil hokar aata hai is me safayi na ho, shar'an mumaniyat saabit ho toh is se bachna chahiye.
    d. Juvve wali shaklo me nahi ja sakte jis me milkiyat saabit nahi hoti aur ikraah ki shakal namodaar hoti hai. Jis me bagair kisi ijazat ke sahib e maal ka bech diya jata hai. Jaise, FNO
    e. Bai' salam aur bai' fuzooli ki roshni me maal pahunchane ka imkaan ho toh forward sealing ki ijazat hai. Phir bhi ihtiyaat bahtar hai kyunke muhaqqiqeen ne is se ihtiyaat ki dawat di hai kyunke bae salam ke sharten nazuk hain.

ABM Workshops

f. Sood se paak udhaar ho toh haashiye ki bai’ (Marginal transaction) jayez hai. Phir bhi ihtiyaat bahtar hai kyunke muhaqqiqeen ne isse ihtiyaat ki dawat di hai.
g. Tawqeet aur ikrah ki buniyad par agar kisi ki milkiyat ki azadi na ho aur waqt lagakar isko majboor kya jaraha ho bechne par to aise waqt par qaabil eteraz ban jata hai, jaisa ke Intraday
h. Ek hi din me bech dene ki shart lagadena mukhtalif fee masaael me se hai. Illa ke Intraday me azadi di jay eke mukammal paisa ada karde toh malik bana diya jayega. Tab bhi tahqeeq Karli jaae ke kahee ghair ikhtiyaar milkiyat ki shakal na aajae.

Note: ye baz nukaat hain mazeed mabahis mutawwal kitabo me mulahaza hoon.

| اقسام الشركة<br>Partnership in Share Market<br>شیر بازار میں مختلف قسم کے کمپنیوں میں شراکت داری کا حکم | | |
|---|---|---|
| Mix – مختلطة – اختلاط | prohibited – محرمة – حرام | Purified – نقية – پاک |
| لا يوجد محرم في عملها ولا في نظامها ولكن يوجد خطأ في ادارتها<br>Activity and System is good but wrong in management.<br>کام اور نظام میں تو حرام نہیں البتہ اداراتی طریقہ کار میں حرام ہے | اذا وجد المحرم في النظام ولو كان قليلا.<br>System base is Haraam.<br>نظام میں ذراسا حرام بھی حرام بنادیتا ہے | لا محرم في عملها، لا محرم في نظامها، لا محرم في ادارتها<br>Purified in all manner like activity system and management.<br>حرام نہیں ہے: نہ کام میں، نہ نظام میں، نہ ادارے میں اور نہ منتجات میں |
| مثال الخلل في الإدارة هو اقتراض الإدارة الربوي يورث شبهة.<br>حكمه: من المشتبهات.<br>ادارہ کا سودی قرضہ لے کر ابتداء یا توسیع یا ملاوٹ کرنا شبہ پیدا کرتا ہے اور شبہ والی چیز کو بھی علماء حرام کی ایک قسم شمار کرتے ہیں، لہذا بچنا ضروری ہے۔<br>To Start Any Organization's or Expanding an existing Organization by the Interest Based Loans creates a doubt. And per Scholars in islam such doubtful things also falls under one of the Prohibited (Haraam) thing. So avoiding is important in such cases. | | |

[الصوتيات المفرغات للشيخ سليمان الرحيلي]

## B. چین مارکٹ

اصولی اعتبار سے چین مارکٹ حلال ہے۔ معاملات کی اصل اور بنیاد یہ ہے کہ وہ حلال ہے مگر محذورات شرعی ثابت ہو جائے تو اس پر اسی مرتبہ کا مفسدہ لازم آئے گا اور شرعی حکم لگے گا۔

اس مسئلہ کو سمجھنے کے لیے چند بنیادی نکات ذہن میں رکھیے:

- پروڈکٹ اور سروس حلال ہونا چاہیے۔
- کسی بھی شخص کو اس چین میں شامل کرنے کا مقصد دھوکہ دہی نہیں بلکہ مارکٹنگ اور اڈورٹائزنگ کے خرچ سے بچانا ہے۔
- ہر جڑنے والے کو واضح کر دیا جائے کہ ہر جوڑنے والے کو فائدہ ہو گا۔
- معاملات میں صفائی ہو غرر نہ ہو۔
- مقصود پروڈکٹ یا سروس کا حصول ہو، پروڈکٹ اور سروس بہانہ بن کر نہ رہ جائے۔
- سود اور سٹے کی گنجائش باقی نہ رہے۔

نوٹ: چین مارکٹ کی اصل بنیاد Advertising کے خرچوں سے بچانا اور پروڈکٹ اور سروس کے مہیہ کرنے میں سہولت پیدا کرنا ہے۔

## B. Chain Market

Usooli etebar se chain market halaal hai. Muamlaat ki asal aur buniyad yeh hai ke wo halaal hai magar mahzoorat shar'i saabit ho jaye toh is par isi martaba ka mafsidah lazim aayega aur shar'i hukm lagega.

Is mas'ala ko samajhne ke liye chand buniyadi nukaat zahen me rakhiye:

- Products aur Service Halal hona chahiye.
- Kisi bhai shaks ko is chain me shamil karne ka maqsad dhoka dahi nahi balke marketing aur advertising ke kharch se bachana hai.
- Har judne wale ko wazeh kardiya jaye ke har jodne wale ko fayeda hoga.
- Muamlaat me safayi ho gharar na ho.
- Maqsood product ya service ka husool ho, product aur service bahana ban kar na reh jaye.
- Soodi aur satte ki gunjayesh baqi na rahe.

Note: Chain Market ki asal buniyad advertising ke kharcho se bachana aur product aur service ke muhayya karne me sahoolat paida karna hai.

ABM Workshops

## قسطوں میں فروخت کرنا

قسطوں میں خرید وفروخت کا حکم کیا ہے؟ اور جب کوئی خریدار قسطوں کی ادائیگی میں تاخیر کرے تو اس سے شرعاً کس طرح نپٹا جائے؟

1. ادھار میں موجودہ قیمت سے زیادہ لینا جائز ہے، اور اسی طرح نقدوں اور ایک معلوم مدت تک کی قسطوں میں خریداری کی قیمت بتانا بھی جائز ہے، اور بیع اس وقت تک صحیح نہیں ہوگی جب تک خریدار اور فروخت کرنے والا دونوں نقد یا ادھار پر اتفاق نہ کرلیں، لہٰذا اگر بیع نقد یا ادھار میں تردد کے ساتھ ہوئی ہو وہ اسطرح کہ کسی ایک قیمت پر یقینی اتفاق نہ ہوا ہو تو یہ بیع شرعاً جائز نہیں ہوگی۔
2. معاہدے کے اندر ادھار کی بیع میں موجودہ قیمت سے علیحدہ قسطوں پر فوائد شامل کرنا شرعاً جائز نہیں، وہ اس طرح کہ مدت کے ساتھ مرتبط ہو چاہے خریدار اور تاجر فائدے کی نسبت پر اتفاق کریں یا اسے عام چلنے والے فائدہ سے مربوط کردیں۔
3. جب خریدار مدت مقررہ پر اقساط کی ادائیگی میں تاخیر کرے تو اس پر اسے لازم کرنا جائز نہیں، یعنی کسی سابقہ شرط یا بغیر کسی شرط کے ہی قرض کی رقم زیادہ کرنا جائز نہیں کیونکہ یہ سود اور حرام ہے۔
4. قرض لینے والے (یعنی اقساط پر خریداری کرنے والے) کے لیے اقساط کی ادائیگی میں ٹال مٹول سے کام لینا حرام ہے، لیکن اس کے باوجود اقساط کی تاخیر کی بنا پر تاخیر کے عوض میں پیسے زیادہ کرنا شرعی طور پر جائز نہیں۔
5. بائع کے لیے شرعاً جائز ہے کہ وہ معاہدے کے وقت مدت کی شرط رکھے کہ: خریدار نے اگر کچھ اقساط میں تاخیر کردی تو وقت سے قبل ہی اقساط ختم کردی جائیں گی، لیکن اس میں شرط یہ ہے کہ اگر خریدار اس پر رضامندی کا اظہار کرے تو پھر معاہدے میں یہ شرط رکھی جاسکتی ہے۔
6. بائع کو کوئی حق نہیں کہ وہ فروخت کردہ چیز کی ملکیت اپنے پاس رکھے، لیکن یہ جائز ہے کہ وہ خریدار کے ساتھ یہ شرط رکھے کہ بطور ضمانت فروخت کردہ چیز اس کے پاس رہن رکھے تاکہ مقرر کردہ اقساط پوری ہو سکیں۔ دیکھیں: مجمع الفقہ الاسلامی صفحہ نمبر (109)
7. مدت پر حاصل کردہ قرض کی وقت سے قبل ادائیگی کی بنا پر قرض میں سے کچھ کمی کرنا شرعاً جائز ہے، چاہے یہ کمی قرض لینے والے کے مطالبہ پر ہو یا قرض دینے والے کی طرف سے، جب کسی سابقہ اتفاق کی بنا پر ایسا نہ ہو تو یہ حرام کردہ سود میں شامل نہیں ہوگا اور جب تک قرض خواہ اور مقروض دونوں کے مابین ہی یہ معاملہ اور تعلق رہے، لیکن جب اس میں کوئی تیسرا فریق شامل ہو گیا تو پھر جائز نہیں، کیونکہ اس وقت تجارتی اوراق کی کمی کے حکم میں آجائے گا۔
8. جب اقساط ادا کرنے والا تنگ دست نہ ہو اور مستحق اقساط میں سے کوئی قسط ادا نہ کرسکنے کی حالت میں خریدار اور تاجر کا مکمل اقساط ختم کرنے پر اتفاق کرنا جائز ہے۔
9. مقروض کی موت یا اس کے مفلس ہو جانے یا پھر ادائیگی میں ٹال مٹول کرنے کی حالت میں رضامندی کے ساتھ قرض وقت سے پہلے ادا کرنے کی صورت میں قرض میں کمی کرنا جائز ہے۔
10. تنگ دستی کا ضابطہ جس کی بنا پر اسے ڈھیل اور مہلت دینا واجب اور ضروری ہے یہ ہے کہ: مقروض کے پاس اس کی ضروریات سے زیادہ مال نہ ہو جو اس کے قرض کی ادائیگی کر سکے یا پھر کوئی ایسی بعینہ چیز نہ پائی جائے جو اس کی ادائیگی کر سکتی ہو۔ [مجمع الفقه الإسلامي: ص 142]

ABM Workshops

- ہندوستانی حالات کے مد نظر دو مسائل کھڑے ہو سکتے ہیں:

1. مہنگی اشیاء کے انسٹالمنٹ میں بینک شریک ہو جاتا ہے۔ بینک اگر مکمل طور پر مالک بنتے ہوئے پھر آپ کو انسٹالمنٹ کی facility دیتا ہے تب تو ایک مسئلہ حل ہو گیا اور اگر وہ مالک نہیں بنتا بلکہ مالک کو سودی قرض مہیا کرتا ہے آپ کے نام پر تب تو مسئلہ ہنوز باقی رہ جاتا ہے، لہذا ہندوستانی حالات میں اس بات پر تحقیق اور شرح صدر ہونا ضروری ہے کہ بینک کی شرکت مکمل مالک کے طور پر ہو رہی ہے یا صرف سودی قرضہ فراہم کرنے کی بنا پر؟ اگر مکمل مالک ہو تو جائز ہے، اگر سودی قرض کی فراہمی کی بنا پر ہے تو ناجائز ہے۔
2. تاخیر سے ادائیگی پر جو سود کی شرط لگائی جاتی ہے اصولی طور پر وہ شرط غلط ہے اور زائد ادائیگی سود ہی ہے۔ سوال یہ ہے کہ ایسی شرط پر سائن کرنا جائز ہے یا ناجائز؟ اصولی طور پر ایسی سائن کرنا بھی جائز نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عرب کے اکابر علماء نے کریڈٹ کارڈ کو حرام قرار دیا کیونکہ اس میں بھی ایسی باطل شرط پر سائن لی جاتی ہے۔ اس کے باوجود کہا کہ اگر کسی کو پے منٹ کے لیے کریڈٹ کارڈ کے علاوہ کوئی آپشن نہ ہو تو مجبوری میں بقدر استعمال اجازت دی ہے۔ اور اسی میں ایک شرط یہ لگائی گئی کہ کریڈٹ کارڈ کو ڈیبٹ کارڈ کی طرح استعمال کرے۔ یعنی کریڈٹ کارڈ میں پہلے سے ہی وافر مقدار میں پیسہ رکھ دیا جائے تاکہ تاخیر کی بنیاد پر سود میں پھنسنے کا شبہ جاتا رہے۔ (اللجنة الدائمة)

اس تفصیل کو مد نظر رکھتے ہوئے اگر کسی سے جائز انسٹالمنٹس پر تاخیر کی بنیاد پر سود ادا کرنے کی سائن لی جارہی ہو تو اصولی طور پر یہ سائن بھی جائز نہیں لیکن مذکورہ بالا فتوی کی روشنی میں اگرچہ کہ ایسی سائن کروانا غلط ہے پھر بھی اگر اس سے سائن لی جاتی ہے تو وہ مجبور اور مظلوم شمار ہو گا، علماء کے فتاوی کی روشنی میں وہ معفو عنہ ہے۔ (تکلیف مالا یطاق)۔ بشرطیکہ انسٹالمنٹس کی مکمل قیمت اس کے پاس موجود رہے۔

نوٹ: یاد رہے ہر حال میں تقوی ہی اصل ہے، حتی المقدور کوشش کریں کہ سود کے کسی بھی معاملہ میں شریک نہ ہوں۔

ABM Workshops

# C.Installment

**Qisto me farokht karna**

Qisto me khareed o farookht ka hukum kya hai? Aur jab koi khareedar qisto ki adaegi me takheer kare to is se shar'an kis tarah nipta jaae?

1. Udhaar me maujooda qeemat se zyada lena jaez hai, aur isi tarah naqdo aur ek maloom muddat tak qisto me khareedari ki qeemat batana bhi jaez hai, aur bae' us waqt tak saheeh nahi hogi jab tak khareedaar aur farookht karne waala dono naqd ya udhaar par ittefaq na karlein, lehaaza agar bae' naqd ya udhaar me taraddud ke sath hui ho wo is tarah ke kisi ek qeemat par yaqeeni ittefaaq na hua ho to ye bae' shar'an jaez nahi hogi.
2. Mu'ahade ke andar udhaar ki bae' me maujooda qeemat se alaehda qisto par fawaed shamil karna shar'an jaez nahi, wo is tarah ke muddat ke saath murtabit ho chahe khareedaar aur tajir faede ki nisbat par ittefaq karein ya ise aam chalne waale faede se marboot kardein.
3. Jab khareedaar muddat e muqarrarah par aqsaat ki adaegi me takheer kare to is par ise lazim karna jaez nahi, yani kisi sabiqa shart ya baghair kisi shart ke hi qarz ki raqam zyada karna jaez nahi kyunke ye sood aur haraam hai.
4. Qarz lene wale (yani Aqsaat par khareedari karne wale) ke liye aqsaat ki adaegi me taal-matool se kaam lena haraam hai, laikin is ke bawajood aqsaat ki takheer ki bina par takheer ke iwaz me paise zyada karna shar'ee taur par jaez nahi.
5. Baae' ke liye shar'an jaez hai ke wo muahade ke waqt muddat ki shart rakhe ke: Khareedaar ne agar kuch aqsaat me takheer kardi to waqt se qabl hi aqsaat khatam kardi jaegi, laikin is me shart ye hai ke agar khareedar is par razamandi ka izhaar kare to phir muahade me ye shart rakhi ja sakti hai.
6. Baae' ko koi haq nahi ke wo farookht-kardah cheez ki milkiyat apne paas rakhe, laikin ye jaez hai ke wo khareedar ke saath ye sharth rakhe ke bataur zamanat farookht kardah cheez iske pas rehan rakhe taake muqarrar-kardah aqsaat poori ho sake. (Dekhein: Majmual fiqqhi Al Islami page(109))
7. Muddat par hasil kardah qarz ki waqt se qabl adayegi ki bina par qarz me se kuch kami karna shar'an jayez hai, chahe yeh kami qarz lene wale ke mutalbe par ho ya qarz dene wale ki taraf se, jab kisi sabiqa ittefaq ki bina par aisa na ho toh yeh haram karda sood me shamil nahi hoga aur jab tak qarz khwah aur maqrooz dono ke mabeen hi yeh muamla aur ta'aluq rahe, lekin jab is me koi teesra fareeq shamil hogaya toh phir jayez nahi , kyunke is waqt tijarati auraaq ki kami ke hukm me aajayega.
8. Jab iqsaat ada karne wala tangdast na ho aur mustahiq iqsaat me se koi qist ada na kar sakne ki haalat me khareedar aur tajir ka mukammal iqsaat kharm karne par ittefaq karna jayez hai.

ABM Workshops

9. Maqrooz ki maur ya iske muflis hojane ya phir adayegi me taal matool karne ki halat me razamandi ke sath qarz waqt se pehle ada karne ki surat me qarz me kami karna jayez hai.
10. Tangdasti ka zaabita jis ki bina par ise dheel aur muhlat dena wajib aur zaroori hai yeh hai ke : maqrooz ke pas iski zarooriyat se zyada maal na ho jo iske qarz ki adayegi kar sake ya phir koi aisi ba'eena cheez na payi jaye jo iski adayegi kar sakti ho.

- **Hindustani halat ke madde nazar do masaael khade ho sakte hai:**

1. Mahengi ashiaa ke installment me bank shareek ho jata hai. Bank agar mukammil taur par malik bante huve phir aapko installment ki facility deta hai tab toh ek mas'ala hal hogaya aur agar wo malik nahi banta balke malik ko soodi qarz muhayya karta hai aap ke naam par tab toh mas'ala hunooz baqi reh jata hai, lihaza Hindustani halat me is baat par tahqeeq aur sharhe sadar hona zaroori hai ke bank ki shirkat mukammal malik ke taur par ho rahi hai ya sirf soodi qarza faraham karne ki bina par? Agar mukammal malik ho toh jaye hai, agar soodi qarz ki farahami ki bina par hai toh najayez hai.
2. Takheer se adayegi par jo shart lagayi jati hai usooli taur par wo sharth ghalat hai aur zaaed adayegi sood hi hai. Sawaal yeh hai ke aisi shart par sign karna jaez hai ya na jayez? Usooli taur par aisi sign karna bhai jayez nahi hai. Yahi wajah hai ke arab ke akaabir ulema ne credit card ko haraam qarar diya kyunke isme bhi aisi baatil sharth par sign li jati hai. Is ke bawajood kaha ke agar kisi ko payment ke liye credit card ke alawah koi option na ho toh majboori me baqadare istemaal ijazat di hai. Aur isi me ek sharth yeh lagayi gayi ke credit card ko debit card ki tarah istemaal kare. Yani credit card me pehle se hi wafir miqdaar me paise rakh diya jaye taake takheer ki buniyad par sood me phansne ka shuba jata rahe.

   Is tafseel ko madde nazar rakhte hue agar kisi se jaez instalment par taakheer ki bunyaad par sood ada karne ki sign li jaarahi hai to usooli taur par ye sign bhi jaez nahi laikin mazkoora baala fatwa ki roshni me agarche ke aisi sign karwaana ghalat hai phir bhi agar is se sign li jaati hai to wo majboor aur mazloom shumaar hoga, ulama ke fatawa ki roshni me wo ma'foo anhu hai. Bashart yeke instalments ki mukammal qeemat us ke paas maujood rahe.

ABM Workshops

# گھروں کی خرید وفروخت بذریعہ اقساط(installment)

## عقدِ استصناع کے شروط وضوابط کی روشنی میں

- عقد استصناع کے شروط وضوابط **بقلم شیخ سعد الخثلان حفظہ اللہ**
- عقد استصناع کے شروط وضوابط ہندوستانی حالات کے تناظر میں **بقلم شیخ ارشد بشیر عمری مدنی حفظہ اللہ**
- مراجعہ وموافقہ من جانب علماء کرام
- Disclaimer(وضاحت)

ABM Workshops

# 1: عقدِ استصناع کی حقیقت اوراس کا حکم

## شیخ سعد الخثلان کے قلم سے

عقد استصناع جو کہ زمانہ قدیم سے ہی ایک معروف تجارتی طریقہ ہے، البتہ دور حاضر میں انقلابات اور بڑے پیمانے پر مختلف میدانوں میں صنعتی پیش رفت کے سبب اس کی حاجت ابھر کے سامنے آئی ہے، فقہاء نے اپنی اپنی کتابوں میں اس موضوع سے متعلق قلم اٹھایا ہے، جمہور اہل علم نے بیع السلم سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے اسی ضمن میں اس کو بھی ذکر کئے ہیں، اور بیع السلم سے متعلق جو شرائط ہیں ان شرائط کو عقد الاستصناع سے مربوط رکھے ہیں۔ اسی بنیاد پر اس کے عدم جواز کی صراحت فرمائے ہیں البتہ بیع السلم کی شرائط اس میں نہ ہوں تو اس طرز لین دین کی صحت بھی بتلائے ہیں۔ بیع السلم سے متعلق جو شرائط ہیں ان میں سے ایک نمایاں شرط یہ ہے: قیمت کو معجل ادا کرنا، یعنی آڈر دینے والا کاریگر کو قیمت معجلا ادا کردے بصورت دیگر اس کی یہ بیع صحیح نہ ہوگی۔

حنفیہ نے استصناع کو بیع السلم سے ایک مختلف اور جداگانہ بیع تسلیم کیا ہے کہ یہ الگ نوع کی بیع ہے اور اپنے شروط اور احکام میں یہ دیگر سے متمیز ہے۔

### استصناع کی تعریف:

استصناع لغۃ یہ ہے کہ: کسی چیز کا بنانا، اور استصنع الشيء، یعنی کسی شیء کے بنانے کا مطالبہ کرنا۔ یوں الصناعة کے معنی ہوئے: کاریگری کا پیشہ، اور اس عمل کو الصنعة کہتے ہیں۔( 1)

استصناع اصطلاحی معنی میں یہ ہے کہ ایک انسان کا کسی دوسرے سے اس چیز کا مطالبہ کرنا جو ابھی تیار نہیں کی گئی ہے۔ تاکہ اس طلب سے اس کے لئے محدود صفات کے انطباق کے ساتھ صانع کے پاس موجود میٹیریل کی فراہمی کرکے وہ چیز تیار کرکے معقول قیمت پر دی جائے، اور اس عہد و میثاق اور قرار کو صانع قبول بھی کرلے۔( 2)

مذکورہ اس تعریف میں اس بات کا لحاظ ضروری ہے کہ یہ عقد محض اس شراء پر قائم ہے جسے صانع اس کے لئے بنانے جارہاہے۔ یوں اس تجارت میں مادی و معنوی ہر دو کا تعلق کلی طور پر صانع ہی سے ہے۔

ہاں اگر میٹیریل صانع کے بجائے مستصنع کی طرف سے ہو تو ایسی صورت میں یہ عقد اجارہ کہلائے گا عقد الاستصناع نہ ہوگا۔ مثلا کوئی شخص ٹیلر سے سلائی کے لئے کپڑا دیتے ہوئے کہے کہ اس کو ایک مقررہ اجرت پر سلائی کردو۔ ظاہر ہے یہ شکل اجارہ کی ہے نہ کہ استصناع کی، البتہ اگر کپڑا بھی ٹیلر ہی کے پاس ہو تو ایسی صورت میں دونوں کا مکلف ہونے کی وجہ سے اس کو استصناع کہہ سکتے ہیں۔

---

1 - دیکھئے: القاموس المحيط: (ص: 954)، لسان العرب (209/8)، المعرب (ص: 273)، مفردات ألفاظ القرآن الكريم (493)، أساس البلاغة (363)، المصباح المنير (ص: 133).

2 - دیکھئے: المعاملات المالية المعاصرة للدكتور وهبة الزحيلي (ص: 303).



ABM Workshops

ان دونوں میں فرق کرنے کے لئے ایک اور مثال پیش نظر ہو کہ ایک شخص نے یہ اگریمنٹ کیا کہ وہ اس کے لئے مخصوص شکل میں ایک گھر تعمیر کیا جائے اور اس کے لوازمات اور میٹیریل بھی اسی حساب میں ہو گا، تو اس اعتبار سے یہ عقد الاستصناع کہلائے گا۔اور اگر مواد مستصنع کی طرف سے ہو تو یہ شکل اجارہ کی ہے اس کو استصناع نہیں کہہ سکتے۔

## استصناع کا حکم:([3])

فقہاء نے اس کے حکم بیان کرنے میں اختلاف کئے ہیں جو کہ دو قول پر مشتمل ہے، جمہور فقہاء نے اس کو منع کیا ہے سوائے اس صورت میں کہ اگر اس میں بیع السلم کی تما شروط متوفر ہوں، جن میں سے ایک یہ قیمت مجلس العقد میں ہی متعجل ہو- جو کہ راس المال ہے-ایسی صورت میں ان کے ہاں یہ بیع صحیح ہو گی اور بیع سلم شمار ہو گی۔اسی بیع کو بعض نے السلم في الصناعات سے موسوم کیا ہے۔([4])

حنفیہ سابقہ معنی کو سامنے رکھتے ہوئے استصناع کے جواز کے قائل ہیں،اس طرح سے کہ وہ مستقل ایک عقد ہے جو اپنے مسائل اور احکام کے اعتبار سے بیع السلم سے دگر گوں اور مختلف ہے۔

---

[3] - دیکھئے: المبسوط (183/12)، فتح القدير (243/6)، الاختيار (287/20)، مجمع الأنهر (107/2)، العناية (243/6)، رد المختار (475/7)، بدائع الصنائع (88/6)، البحر الرائق (185/6)، الكفاية (243/6)، الإنصاف (105/11)، نيل المآرب (19/3) ، تبيين الحقائق (123/4)، المسودة (131)، شرح الكوكب المنير (171/3)، عقد الاستصناع. بحث الدكتور علي السالوس، مجلة المجمع الفقهي (279/2/7)، المدونة (69/3)، المقدمات الممهدات (32/2)، مواهب الحليل (536/4)، الأم (134/3)، الحاوي الكبير (66/7)، نهاية المحتاج (72/4)، الفروع (24/4)، كشاف القناع (1395/4).

[4] - استصناع اور اجارہ اور سلم ان تینوں شکلوں کا آپسی فرق یہ ہے کہ:

اجارہ میں اصل منفعت ہی ہے، جب کہ استصناع میں مواد اور عمل یعنی کاریگری دونوں ہوا کرتے ہیں، اجارہ میں کچھ اس طرح ہوتا ہے کہ مستاجر ایک ردی مواد لاتا ہے پھر اس سے ایک محدود شیء کے بناکر دینے کا مطالبہ کرتا ہے، جیسے کہ ایک شخص کھلا کپڑا ٹیلر کو سونپتا ہے اور اور سلائی کا کام اس سے کرواتا ہے اور اس پر ایک معلوم اجرت بھی ادا کرتا ہے، جب کہ استصناع میں مواد بھی صانع کا ہوتا ہے، بالکل اسی طرح جس میں معمار کو گھر بنانے کا مطالبہ بھی ہو ساتھ میں مواد بھی اس کا اپنا۔یہ طرز عمل استصناع کہلاتی ہے۔



استصناع اور بیع السلم میں فرق:

بیع السلم میں جو اور جس چیز سے متعلق عقد طئے ہوتا ہے وہ بس اتنی سی بات ہوتی ہے کہ بائع اس کو فراہم کردے، اس میں اس بات کی شرط نہیں ہوتی ہے کہ وہ اس کی ہی کاریگری ہو۔اور یہ بھی وقت محدد ہونا چاہئے۔یہ بھی ہونا ضروری ہے کہ اس کی قیمت پیش گی بائع کے حوالے کردی جائے۔رہا مسئلہ استصناع کا اس میں بنیادی شرط اصل اعتبار سے صنعت ہے۔اس میں اس بات کی شرط نہیں ہے کہ قیمت پیش ادا کی جائے، اور استصناع کئی امور میں بیع السلم سے ہم آہنگ ہے، خصوصا السلم في الصناعات میں۔یہی وجہ ہے کہ احناف نے استصناع کو بیع السلم کے ضمن میں لائے ہیں، ہاں بیع سلم میں عام ہے اس میں کچھ اشیاء مصنوعات کی قبیل سے ہیں تو کچھ اس کے علاوہ بھی ہے، لیکن استصناع میں صناعت مشروط اور لازمی ہے، اور بیع السلم میں قیمت کا متعجل ہونا ضروری ہے جب کہ استصناع میں اس کی کوئی شرط نہیں ہے۔

دیکھئے: المبسوط: (84/15)، بدائع الصنائع: (84/6)، العناية (243/6)، وفتح القدير (243/3)، تبيين الحقائق (123/4)، الموسوعة الفقهية (326/3).

ABM Workshop

اس باب میں راجح حنفیہ کا قول ہی ہے، اسی پر زمانہ ءقدیم سے آج تک اہل اسلام کا عمل بھی رہا ہے۔ اسی کے پیش نظر بعض اہل علم نے کہا: استصناع کے جواز پر یہ اہل اسلام کا عملاً اجماع کے برابر ہے۔ اس قول کی تائید میں وہ حدیث دلالت کرتی ہے جسے عبد اللہ بن عمر و رضی اللہ عنہما کی طریق سے امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنی صحیح میں لائے ہیں، اس میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سونے کی انگھوٹی بنوائی، آپ نے جس وقت اسے پہنا تو اس کا نگینہ ہتھیلی کی اندر کی طرف کیا، لوگوں نے بھی سونے کی انگوٹھیاں بنوالیں، آپ منبر پر جلوہ افروز ہوئے، اللہ تعالی کی حمد وثنا کے بعد فرمایا: "إني كنت اصطنعته، وإني لا ألبسه"، میں نے سونے کی انگھوٹی بنوائی تھی لیکن میں اب اسے نہیں پہنوں گا۔" پھر آپ نے وہ انگھوٹی پھینک دی، تو لوگوں نے بھی اپنی انگھوٹیاں پھینک دیں۔( 5)

اور دور حاضر میں اس کی سخت ضرورت بھی ہونے کی وجہ سے سازو سامان اور دیگر بہت ساری اشیاء استصناع کی طریق پر ہی دی اور لی جاتی ہیں۔ اور اس کے عدم جواز اور منع میں امت مسلمہ کے لئے بہت مشکل اور حرج ہے۔ جب کہ رب العلمین نے فرمایا: ﴿وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّينِ مِنْ حَرَجٍ﴾(البقرة: 278) ۔ اور استصناع کے مباح اور جائز ہونے کا قول شرعی اصول اور قواعد شرعیہ جو بندوں کی بابت تیسیر اور مشقت کے رفع ہونے پر دلالت کرتی ہیں ان سے متفق نظر آتا ہے۔ بالخصوص اس حالت میں جب کہ اس استصناع کی ممانعت پر کوئی صحیح اور صریح دلیل نہیں ملتی ہے۔

شریعت اسلامیہ نے بیع السلم کو اس کے معدوم ہونے کے باوجود جائز قرار دی ہے، اس لئے کہ اس جانب لوگوں کی حاجت زور پکڑتی دکھائی دیتی ہے تو اس دوسری طرف اس میں موجود غرر اور خداع کا پہلو ہوتے ہوئے بھی اس کے جواز کی صورت میں موصول ہونے والی لامتناہی مصالح اور منافع کے سامنے میں وہ غرر ہیچ نظر آتا ہے یا دکھائی ہی نہیں دیتا ہے۔ اسی طرح شریعت اسلامیہ نے بیع العرایا جو کہ سوکھے کھجور کی رطب سے بیع ہونے کے باوجود لوگوں کی حاجت کے پیش نظر جائز بتلایا گیا، جب کہ اس میں اصالۃ ممانعت ہی ہے، یہ سب اس وجہ سے کہ اس میں مکلفین پر تیسیر اور رفع حرج والا معاملہ مرتب ہوتا ہے۔ اور استصناع بھی اسی مذکورہ باب سے ہے۔ خصوصا اس میں قابل غور پہلو یہ بھی ہے کہ معاملات میں اصل حل اور مباح ہی ہے یہاں تک اس کی ممانعت اور حرمت پر واضح دلیل نہ مل جائے۔

## استصناع کی شروط( 6):

استصناع کے جواز کا قول راجح ہو جانے کے بعد یہ بھی جاننا ضروری ہے کہ یہ جو کچھ شرائط سے مشروط ہے۔

(1)- جس چیز کا آڈر دیا جاتا ہے اس شیئ کی صفات متعین ہو جانا چاہئے، اس حد تک اس کی تعیین ہو جائے کہ اس کے حصول کے وقت میں کسی طرح کا کوئی تنازع نہ ہو۔ اس طرح سے اس کی صفات ہونی ہے کہ اس پر مرتب والی قیمت بھی ان صفات کے پیش نظر متعین ہو جائے۔ مثلا یہ کہ جس چیز کا آڈر دیا گیا ہے اس کی نوعیت، اس کی مطلوبہ اوصاف، وغیرہ، یہ بیع سلم کی صحت پر شروط میں سے ایک شرط ہے، اسی طرح یہ استصناع کی شروط میں

[5] - أخرجه البخاري، باب من جعل فص الخاتم في بطن كفه. (خ: 5876)

[6] - دیکھئے: الفقه الإسلامي وأدلته، للدكتور وهبة الزحيلي (633/4)

سے بھی ہے، کبھی کبھار تو یہ شرط استصناع میں زیادہ ضروری سمجھی جائے گی۔ اس لئے کہ استصناع میں جس چیز کا آڈر دیا جارہا ہے اگر اس کی صفات پر اتفاق نہ ہو تو بہت ممکن ہے کہ طرفین کے مابین کسی طرح کا نزاع ہو جائے۔

(2)-وقت کی تعیین: اور نزاع کے خاتمہ کے لئے اس شرط کا ہونا لازمی ہے۔(7)

عقد استصناع میں قیمت کا جلد ہی ادا کرنا کوئی ضروری نہیں ہے، بلکہ اس کے حصول تک یا اس کے بعد بھی تعجیل و تاخیر دونوں جائز ہیں، اور یہ بھی جائز ہے کہ اس کی ادائیگی تقسیط سے ہو، بر خلاف بیع السلم کے جس کی صحت میں اس کی قیمت پیشگی مکمل طور سے ادا کرنا ضروری ہو جاتا ہے۔

ہاں یہ بھی جائز ہے کہ صانع اگر مطلوبہ چیز کی تنفیذ کا التزام کرتا ہے یا اس کی تنفیذ میں تاخیر کرلے تو اس میں شرط جزائی متضمن ہو سکتی ہے، جب کہ یہی شرط مستصنع پر عائد نہیں کی جائے گی۔

اس کی مثال اس طرح سے ہے کہ: ایک شخص نے یہ اگریمنٹ کرلیا کہ وہ ایک معین قیمت اور مقررہ مدت جو ایک سال سے متجاوز نہ ہو کے دوران اس کے لئے گھر تعمیر کرے، اور اس معمار سے یہ شرط بھی بیان کردی جو اس کے جزائے عمل سے تعلق رکھتی ہے، یعنی اگر وہ اس کی تعمیر میں اپنے مقررہ مدت سے تاخیر کرلیتا ہے تو اس کی یومیہ ۱۰۰ ریال کا خصم یعنی کمی سے اجرت ملے گی۔ ایسی صورت میں کوئی حرج نہیں ہے، بس اتنا خیال رکھنا ضروری ہے کہ طرفین اس میں رضامندی ظاہر کردیں۔ البتہ اگر کوئی ایسی چیز مانع ہو جائے جیسے بیماری وغیرہ جو اس معمار کی طاقت سے بڑھ کر کے ہوگی تو پھر وہ شرط اس پر لاگو نہیں ہوگی۔

ہاں اگر صانع مستصنع سے یہ شرط رکھے کہ اس تعمیر میں جن چیزوں کی ضرورت اور لوازمات کا ہونا ہے، اس کو اتنے وقت میں پہنچانا ضروری ہے ورنہ اس پر اتنی اضافی رقم ہوگی تو یہ شرط جائز نہیں ہے۔ اس لئے ایسی صورت میں یہ دور جاہلیت میں موجود ربا کی ایک شکل شمار ہوگی۔ یعنی یہ یا تو تم اس کو پورا کرو یا پھر اس کی اضافی رقم ادا کرو جو کہ سود ہے، اور یہ بات اس سے قبل گذر چکی ہے کہ شرط جزائی دیون اور قرض کے علاوہ میں جائز ہے،(8) واللہ اعلم۔

فقہ اسلامی اکیڈمی جو موتمر اسلامی کے زیر نگرانی ہے اس کی طرف سے ایک فیصلہ جاری کیا گیا ہے، جو عقد الاستصناع کے معاملے میں ہے، جس کا قرار نمبر ۶۵ (7/2) ہے۔

مملکت سعودیہ عربیہ کے شہر جدہ میں بتاریخ ۷- ۱۲ ذی قعدہ ۱۴۳۲ھ موافق ۹- ۱۴ ایار (مایو) 1992، منعقد ہوا تھا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد لله رب العلمين، والصلاة والسلام على سيدنا محمد خاتم النبيين وعلى آله وصحبه.

---

7 - دیکھئے: المعاملات المالية المعاصرة، للدكتور وهبة الزحيلي، مجلة الأحكام العدلية مادة رقم: (389)

8 - دیکھئے: المعاملات المالية المعاصرة، للدكتور وهبة الزحيلي، مجلة الأحكام العدلية مادة رقم: (306)، الأجوبة الشرعية في التطبيقات المصرفية، للدكتور عبد الستار أبو غادة (ص: 39، 41)



ABM Workshops

فقہ اسلامی اکیڈمی اپنے ساتویں کانفرنس کے دورے میں جو الاستصناع سے متعلق جو بحوث اکیڈمی کے نام موصول ہوئے اس کو دیکھنے اوراس سے متعلق علمی مناقشات کو سننے کے بعد مزید بندوں کی مصلحت کے پیش نظر شرعی مقاصد اور عقوداور تصرفات کی بابت فقہی قواعد کو سامنے رکھتے ہوئے لحاظ کیا گیاہے، قابل غور بات یہ ہے کہ عقدالاستصناع کے طرز تعامل نے کمپنیوں اور حرفت وصناعت کو نشیط رکھنے میں بڑااہم رول اداکیاہے، اوراسلامی اقتصادیات کے پروان چڑھانے میں اور نقد کے تبادلے میں بھی اس عقد نے بہت سارے راستے کھول دئے ہیں۔

**فقہ اسلامی اکیڈمی نے کچھ قرارداد پاس کی ہیں جو یہ ہیں:**

I. عقدالاستصناع – یہ وہ عقد ہے جو کام اوراس سے جڑی جو کہ مستلزمات ہیں اس کی ضامن ہوں گی- اور یہ طرفین صانع و مستصنع دونوں پر لازم ہیں اس وقت جب اس عقد کے ارکان اور شروط اس میں متوفر ہوں۔

II. عقدالاستصناع میں جو شروط مندرج ہیں وہ درج ذیل ہیں:

أ. آڈر پر دی گئی چیز کی جنس، اس کی نوعیت، اوراس کی دیگر مطلوبہ اوصاف واضح ہوں۔

ب. اس کام کی آخری مدت بھی معلوم ہو۔

III. عقدالاستصناع میں اس بات کی گنجائش ہے کہ اس میں قیمت تاخیر کرکے اداکی جائے، یامختلف مراحل میں تقسیط کی روسے اداکی جائے۔

IV. عقدالاستصناع میں عمل کے موافق کمی بیشی کے ساتھ شرط جائزہے، البتہ اس میں دونوں کی رضامندی ضروری ہے، یہ بھی پیش نظر رہے کہ اس میں حالات وظروف کاخیال رکھنا بھی چاہئے جیسے معمار کابیمار ہوجاناوغیرہ۔ واللہ اعلم

ABM Workshops

## 2: عقد استصناع کے شروط وضوابط ہندوستانی حالات کے تناظر میں بقلم شیخ ارشد بشیر عمری مدنی حفظہ اللہ

شیخ سعد الخثلان کے مقالہ کا خلاصہ یہ ہے کہ عقد استصناع حلال ہے چند شروط کے ساتھ، اور ہندوستان کے تناظر میں مزید شرطوں کا خیال رکھنا ضروری ہے۔ جو مندرجہ ذیل ہیں:

1. مغطی کریڈٹ (Credit) ہونا ضروری ہے۔ (یعنی پہلے سے وافر مقدار میں Amount رہے تاکہ تاخیر کی بنیاد پر جرمانہ کی نوبت نہ آئے، کیونکہ تاخیر کی بنیاد پر گاہک کو جو جرمانہ لگتا ہے علماء نے اس کو سود شمار کیا ہے)
2. حرام انشورنس سے بری ہو۔
3. حلال بالشروط کے تحت conditional permission ہے جو مندرجہ ذیل ہیں جو شیخ سعد الخثلان نے بیان کیے ہیں:

**أ. بيان جنس المستصنع ونوعه وقدره وأوصافه المطلوبة**

(جس چیز کو بنانا مقصود ہو اس کی جنس، اس کی قسم، اس کی مقدار اور دیگر تفصیلات بالکل واضح اور متعین ہو)

**ب. أن يحدد الأجل**

(بنا کر دینے کی مدت طے کی جائے)

**ج. يجوز في عقد الاستصناع تأجيل الثمن كله أو تقسيطه الى أقساطه معلومة لآجال محدده.**

(استصناع کی معاملہ داری میں وقت مقرر کرنے کے بعد مکمل قیمت کو بعد میں ادا کرنا یا قسطوں میں ادا کرنا جائز ہے)

**د. يجوز أن يتضمن عقد الاستصناع شرطا جزائيا بمقتضى ما اتفق عليه العاقدان ما لم تكن هناك ظروف قاهرة.**

(استصناع کی معاملہ داری میں دونوں معاملہ داروں کے اتفاق کرنے کے بعد اگر مخالفت سرزد ہو تو بطور سزا کوئی شرط رکھی جا سکتی ہے بشرط یہ کہ حالات انسان کی استطاعت سے باہر نہ ہو جائیں)

**نوٹ:** جرمانہ صرف صانع پر لگے گا تاخیر پر۔ خریدار پر جرمانہ لگانا سود کی قبیل سے ہے۔

4. Cancellation کی شکل میں نقصان کی بھرپائی کے لیے تیار رہیں، یاد رہے نقصان کی بھرپائی ہی مراد ہو اور سود کا شبہ بالکل نہ رہے۔
5. مستقبل میں کبھی بھی شریعت سے ٹکراؤ ہو تو Exit کے لیے تیار رہنے کی نیت سے اس معاملت داری میں شرک ہوں۔

ABM Workshops

**3: مراجعہ وموافقہ من جانب علماء کرام:** عقد استصناع کے شروط وضوابط سپرد قلم ہیں۔ سعودی عرب کے اللجنۃ الدائمۃ کے مفتی شیخ سعد الخثلان حفظہ اللہ نے عقد استصناع کے شروط وضوابط مجمع الفقہ الاسلامی سعودی عرب کے فتاوی کی روشنی میں جمع کیے ہیں اور ہندوستان کے تناظر میں شیخ ارشد بشیر عمری مدنی حفظہ اللہ نے مزید شروط وضوابط کا اضافہ فرمایا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل علماء کرام سے مراجعہ کروایا گیا: **شیخ صفی احمد مدنی حفظہ اللہ، شیخ حسین مدنی حفظہ اللہ، شیخ نور الدین عمری حفظہ اللہ، شیخ عبد اللہ عمری حفظہ اللہ، شیخ مجاہد عمری حفظہ اللہ وغیرہ**

اور الحمد للہ علماء کرام نے موافقہ دیا جس کے بعد آپ کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں اس گذارش کے ساتھ کہ عقد استصناع کی روشنی میں جو لوگ اقساط (installment) کی بنیاد پر Apartments یا گھر بنوا رہے ہیں تو اگر اس مقالہ میں مذکورہ شروط وضوابط کے حساب سے آپ اگر یہ سودہ پارہے ہیں تو الحمد للہ آپ ایسے مکانات اور بلڈنگس خرید سکتے ہیں ان شاء اللہ باذن اللہ۔ واللہ اعلم

**4: Disclaimer (وضاحت):** استصناع کے مسئلہ پر ہندوستان کے تناظر میں جنرل طور پر مقالہ پیش کیا جارہا ہے، اس Document کا مقصد کسی particular کمپنی کا وفاق یا دفاع مقصود نہیں ہے۔ ہم صرف موضوع کی خدمت کر رہے ہیں کسی کمپنی کی تائید میں ہم نے یہ مقالہ نہیں لکھا۔

ABM Workshops

# D. انشورنس (حرام) اور تکافل اجتماعی (حلال) پر چند ملاحظات

- غیر اسلامی انشورنس اگر اپنے تمام محظورات سے پاک ہو اور اسلامی اقتصادی شرائط پورے کرے تو "التکافل الاجتماعی" کے نام سے جانا جاتا ہے یعنی co-operative insurance

نوٹ: نظریاتی طور پر تکافل سسٹم کو علماء نے پسند فرمایا ہے، عملی شکل جو پائی جا رہی ہے علماء نے اس پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ عملی تطبیق کی اللہ توفیق عطا فرمائے۔

- فسادات کی روک تھام کے لیے انشورنس۔ بعض جگہوں پر علماء نے اس کی اجازت دی ہے تا کہ انشورنس کی بھرپائی کی بنیاد پر ذمہ داران املاک کی حفاظت میں سنجیدہ ہو سکے۔
- اسی طرح گاڑیوں کا انشورنس مجبوری کی شکل اختیار کر لیا ہے کیونکہ مخالفت کی بنا پر چالان وغیرہ لگتے ہیں۔ اس لیے مجبوری میں اس کی اجازت دی گئی ہے۔ اس میں ایک بات یاد رہے مجبوری کو مجبوری کی حیثیت سے استعمال کیا جائے تا کہ قانون کی تکمیل ہو۔
- اس انشورنس کی بنیاد پر رأس المال کے علاوہ دیگر مال یا سہولتوں سے استفادہ مختلف فیہ ہے جس میں احتیاط کا دامن اپنایا جائے۔

- Helping Box

ہم خیال یا ایک خاندان میں ہلپنگ باکس رہے جس میں اللہ کی رضا کے لیے ماہانہ یا ہفتہ واری پیسہ جمع کیا جائے، اور اس کی نگرانی ایک متقی، سنجیدہ اور باعلم شخص کرے۔ خاندان کی چھوٹی موٹی مصیبتوں، تعلیم یا بزنس کے موقع پر ایمرجنسی کی صورت میں سب کی متفقہ رائے کے مطابق اس مد سے مدد کی جائے۔ اس طرح ہم چھوٹے پیمانے پر مدد کرنے کی پہل کر سکتے ہیں، اسلامی اور ملکی قوانین کا خیال رکھتے ہوئے۔

ABM Workshops

## D. Insurance aur Takaaful system me farq

- Ghair Islami insurance agar apne tamaan mahzoorat se paak ho aur islami iqtisaadi sharaayet poore kare toh "At takaafal Al Ijtimaayi" ke naam se jana jata hai yane co-operative insurance.
  Note : Nazriyaati taur par takaafal system ko ulema ne pasand farmaya hai, amali shakal jo payi jarahi hai ulemaa ne is par tashweesh ka izhaar kiya hai. Amali tatbeeq ki Allah tawfeeq ata farmaye.

- Fasaadaat ki rok tham ke liye insurance – baaz jagaho par ulama ne iski ijazat di hai taake insurance ki bharpaayi ki buniyadi zimmedar in amlaak ki hifazat me sanjeeda ho sake.
  Isi tarah gaadiyo ka insurance majboori ki shakal ikhtiyaar karliya hai kyunke mukhalifat ki bina par challan wagaira lagre hai. Isliye majboori me is ki ijazat di gayi hai.
  Isme ek baat yaad rahe majboori ki haisiyat se istemaal kiya jaye taake qanoon ki takmeel ho.

- Is Insurance ki buniyad par raasul maal ke alawa deegar maal ya sahoolato se istefaadah mukhtalif fee hai jis me ehtiyaat ka daman apnaya jaye.

- Helping Box
  Hum khayaal ya ek khandaan me helping box rahe jis me Allah ki raza ke liye mahana ya hafta wari paisa jama kiya jaye, aur iski nigrani ek muttaqi, sanjeeda aur ba Ilm shaks kare. Khandaan ki choti moti museebato, taaleem ya business ke mauqe par emergency ki surat me sab ki muttafiqa raaye ke mutabiq is mudde se madad ki jaye. Is tarah hum chote paimane par madad karne ki pahel kar sakte hai, Islami aur mulki qawaneen ka qayaal rakhte huve.

ABM Workshops

# E. اسلامی بینکنگ اور غیر اسلامی بینکنگ کی تفصیلات

- بعض غیر سودی بینکوں سے کار یا دیگر پروڈکٹس کو بنیاد بنا کر جو قرضے حاصل کیے جا رہے ہیں بعض علماء نے بیع عینہ یا ناجائز تورق کی بنیاد پر احتیاط کی دعوت دی ہے۔

یاد رہے تورق میں جائز اور ناجائز دونوں قسمیں ہیں۔ تورق کا مطلب طلب الورق یعنی پیسہ حاصل کرنا ہے۔

اگر حیلہ کا ذریعہ سے سود کی شکل بن رہی ہے تو ناجائز ہے جیسا کہ بیع عینہ کی شکل اختیار کر جائے یعنی صاحب مال سے ادھار کے طور پر کوئی چیز یا مال حاصل کیا جاتا ہے پھر اسی صاحب مال کو کم قیمت میں لوٹا دیا جاتا ہے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مقصد مال نہیں تھا سودی قرض حاصل کرنے کا بہانہ تھا۔ اسے بیع عینہ اور تورق کی ناجائز قسم کہا جاتا ہے۔

- سودی بینکوں میں مجبوری کے تحت جب متبادل موجود نہ ہو اکاؤنٹ کھلانا یا اس کے جائز صورتوں کو استعمال میں لانا، جیسا کہ: چیک بنانا، لاکر استعمال کرنا، پیسہ ٹرانسفر کرنا "من قتل دون ماله فهو شهيد" کے تحت آتا ہے۔ اس لیے ان کی علماء نے اجازت دی ہے۔

- ڈیبیٹ کارڈ کی اجازت ہے کریڈٹ کارڈ سے علماء نے منع فرمایا ہے کیونکہ اس میں غلط شرائط پر سائن کرائی جاتی ہے جیسے تاخیر پر سود ادا کروں گا۔ الا یہ کہ کریڈٹ کارڈ کے علاوہ پے منٹ کی دوسری شکل نہ ہو تو علماء نے اجازت دی ہے۔

ABM Workshops

- Islami bank ke zariye ghair soodi qarze ke naam par bai’ salam ko buniyaad banate huve jo qarze jari kiye ja rahe hai, Dr. Hussain Hamid Hassan aur Dr. Ali Muhiuddin al qara daghi ke darmiyaan is masala ko le kar sakht bahes jari hai. Lehaaza is masala par ihtiyat ka daaman apnaya jaye aur ulema se mashorah kare.

- Baaz ghair soodi banko se Car ya deegar products ko buniyad bana kar jo qarze hasil kiye ja rahe hai baaz ulama ne bai’ eena ya najayez tawarruq ki buniyaad par ihtiyaat ki dawat di hai.
  Yaad rahe tawarruq me jaayez aur najayez dono qisme hai. Tawarruq ka matlab talab ul warq yani paisa hasil karna hai.
  Agar heele ke zariye se sood ki shakal ban rahi hai toh najayez hai jaisa ke bai’ eena ki shakal ikhtiyaar kar jaaye yani sahib e maal se udhaar ke taur par koi cheez ya maal hasil kiya jata hai phir isi sahib e Maal ko kam qeemat me lauta diya jata hai jis se yeh zahir hota hai ke maqsad maal nahi tha soodi qarz hasil karne ka bahana tha. Ise bai’ eena aur tawarruq ki najayez qism kaha jata hai.

- Soodi banko me majboori ke tahet jab mutabaadal maujood na ho account khulana ya is ke jaayez surato ko istemaal me lana, jaisa ke : check banana, locker istemaal karna, paisa transfer karna “من قتل دون ماله فهو شهيد” ke tahet aata hai. Is liye inki ulama ne ijazat di hai.

- Debit card ki ijazat hai credit card se ulama ne mana farmaya hai kyunke isme ghalat sharaayet par sign karayi jati hai jaise takheer par sood ada karonga. Illa yeh ke credit card ke alawah payment ki dosri shakal na ho toh ulema ne ijazat di hai.

ABM Workshops

| Banking Activities | بینک کی سرگرمیاں |
|---|---|
| **A. Islamic Banks** | اسلامک بینکس |
| 1. Services | خدمات / سروسس |
| a. Bank Services without Loans | قرضہ جات کے بغیر بنک کی خدمات |
| 1. Opening of Accounts | اکاؤنٹ کھلوانا |
| 2. Business Papers | بزنس کاغذات / باؤنڈس کاغذات |
| 3. Money Transfer | منی ٹرانسفر / کرنسی کا تبادلہ |
| 4. Lockers for Valuables | لاکرس |
| 5. Management service Charges | مینجمینٹ سروسس |
| b. Bank Services with Loans | قرضہ جات کے ساتھ بنک کی خدمات |
| a. Bank Giving Loan to Public | عوام کو بینک سے قرض کی سہولت |
| i. Small Loans | چھوٹے بغیر سودی قرض |
| ii. Account Holder Loans | بینک کے اکاؤنٹ ہولڈرس کو بغیر سودی قرضے کی سہولت |
| b. Bank giving facility for Deposits without interest | بینک پبلک کو ڈیپازٹ کی سہولت دے بغیر سود کے |
| 2. Giving Investments | مختلف جگہوں پر سرمایہ کاری کرنا |
| for Ex : Silent Partner (Bank) | مثلاً: مضارب |
| **B. Conventional Banks** | غیر اسلامی بینک |
| 1. Not Permitted | ناجائز |
| a. Fixed Deposit | فکس ڈیپازٹس |
| b. Interest Based Loan | سودی قرضے |
| c. Preferred Account Holders | ممتاز سودی قرضے |
| d. Shariah Contradicting Activities | غیر شرعی خدمات |
| 2. Permitted | جائز |
| a. Purchase of Bond Papers | تجارتی کاغذات یا باؤنڈ پیپرس خریدنا |

APM Workshops

| | |
|---|---|
| b. Lockers | حفاظت کے لیے لاکرس کا استعمال |
| c. Money Transfer | کرنسی کا تبادلہ |
| d. Currency Purchase | کرنسی کی خریداری |
| 3. Interest Free Activities | غیر سودی کام |
| a. Opening Accounts | اکاؤنٹ کھلوانا |
| b. Checks and Traveler Checks | چیک بنانا یا ٹراویلر چیک حاصل کرنا |
| c. Utilizing Banking for Import & Export | امپورٹ اور ایکسپورٹ کے لیے بینک کی سہولت استعمال کرنا |
| **Four Types of Banking Systems** | چار قسم کے بینک |
| 1. Reserve bank belonging to the government | ریزرو بینک حکومتی سطح پر |
| 2. Private Bank | خانگی بینک |
| 3. Finance and Investment Banks | فینانس اور سرمایہ کاری کرنے والے بینک |
| 4. Commercial Banks | تجارتی بینکس |

ABM Workshops

## F. مسابقہ

- **مسابقہ کی چار قسمیں ہیں، دو جائز اور دو ناجائز:** [الشرح الممتع: 92/10،فقه المعاملات المالية المعاصرة]

1. عوض کے ساتھ بھی ہو تو جائز: تیر اندازی، اونٹ اور گھوڑے کی دوڑ، اسلام کے غلبہ کے لیے چیلنج کے طور پر شرط لگانا

(لا سبَقَ إلا في نَصلٍ أو خفٍّ أو حافرٍ) {سنن الترمذي:1700، صحیح} ترجمہ: رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا مسابقت کے ساتھ مال لینا حلال نہیں ہے مگر اونٹ یا گھوڑے دوڑانے میں اور تیر اندازی میں۔

2. بغیر عوض کے ہو تو جائز: دوڑ، کشتی، پنجہ لڑانا وغیرہ

3. عوض کے ساتھ ہو تو ناجائز: مقامی طور پر کرکٹ کھیلتے وقت آپس میں شرط لگانا

4. عوض کے ساتھ ہو چاہے غیر عوض: شطرنج (chess) ابن تیمیہؒ نے کہا کہ عوض کے ساتھ شطرنج حرام ہونے میں کسی کا اختلاف نہیں بغیر عوض کی صورت میں حرام کہنے میں اختلاف ہے۔

شیخ البانی رحمہ اللہ نے دو شرائط کے ساتھ شطرنج کو بغیر عوض کے حلال کہا:

1۔ تصاویر چھپا دی جائیں، 2۔ فرائض نظر انداز نہ ہوں اور ضیاعِ وقت سے بچیں

نوٹ: مقابلہ قراءت میں فریق ثالث انعام دے رہا ہو اور مشارک بغیر فیس کے داخل ہو رہا ہو تو جائز ہے یہ انعام کے طور پر ہے۔

## F. Musaabaqah

- **Musaabaqah ki char (4) kismai hai, do (2) jayez aur do (2) na-jayez:**

1. Ewaz ke saath bhi ho toh jayez
   Teer andazi, ount (camel) aur qhoodre (horse) ki dour, Islam ke gulbah ke liye challenge ke taur per sharth lagana.
   (La Sabaqa Illa fi Nasali aw khaffi aw haafir) {Sunan Al Thirmidhi: 1700, Sahih}
   Tarjuma: Rasool-Allah (Sallallahu Alayhi Wasalllam) ne farmaya musaabiqat ke sath maal lena Halaal nahi hai magar ount (camel) ya ghoodray (horses) daudrane mai aur teer-andazi mai.
2. Bagair ewaz ke ho toh jayz
   Daud, kushti, panja ladana waghaira
3. Ewaz ke sath ho toh jayz
   Muqaami taur per cricket khelte waqt aapas mai sharth lagana.
4. Ewaz ke sath ho chahe gayr ewaz
   chess (ibne taimiyah rh ne kaha ke ewaz ke saath ho to shatranj haram hone me kisi ka ikhtilaaf nahi, baghair ewaz ki surat me haraam kahne me ikhtilaaf hai)

   Note: Muqaabilah qirat mai fareeq-saalis ina’am de raha ho aur musharik baghair fees ke dakhil ho raha ho to jaez hai, ye inaam ke taur par hai.

ABM Workshops

# بیوع کی چند مزید ابحاث

## a. بیع سلم

بیع سلم (ادھار سودا) بیع کی ایک قسم ہے، جو اپنی شروط سے درست ہوگی، اور یہ سات شرطیں ہیں:
پہلی شرط: یہ سودا اس چیز میں ہو جس کی صفات کو بیان کیا جا سکتا ہو۔
دوسری شرط: اس کی صفات کو بیان کیا جائے اس چیز سے جس کی ظاہری طور پر قیمت مختلف ہو جاتی ہو۔
تیسری شرط: وہ ناپ والی چیز ہو تو اس کا ناپ بیان کیا جائے، وزن والی ہو تو وزن، اور گز والی ہو تو گز بیان کیا جائے۔
چوتھی شرط: ادھار کی ہوئی چیز کی حوالگی میں معین وقت کی شرط لگائی جائے۔
پانچویں شرط: ادھار کی ہوئی چیز عموماً وقت پر دستیاب ہو۔
چھٹی شرط: عقد کی مجلس میں قیمت پر قبضہ کر لیا جائے۔
ساتویں شرط: ادھار اس میں کی جائے جو ذمہ میں باقی رہے، تو اگر عینی چیز میں ادھار ہو تو یہ جائز نہیں ہے۔

## b. رہن

**تعریف:** قرض کے بدلے کوئی مال بحیثیت دستاویز دینا۔(الفقہ الاسلامی وأدلتہ: 4207/6)

**وَ اِنۡ كُنۡتُمۡ عَلٰى سَفَرٍ وَّ لَمۡ تَجِدُوۡا كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقۡبُوۡضَةٌ** (البقرة 283)

اور اگر تم سفر میں ہو اور لکھنے والا نہ پاؤ تو رہن قبضہ میں رکھ لیا کرو۔

سفر کی قید اغلبیت کی بنا پر ہے، رہن في الحضر کے جواز میں جمہورِ علماء کا اتفاق ہے۔(المغني- 4/327، الفقہ الاسلامي وأدلتہ- 6/4209)

**تُوفِّيَ رسولُ اللهِ صلَّى اللهُ عليهِ وسلمَ ودِرْعُهُ مرهونَةٌ عندَ يهوديٍّ، بثلاثينَ صاعًا من شعيرٍ** (البخاري: 2916، مسلم : 1603)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب فوت ہوئے تو آپ ﷺ کی زرع ایک یہودی کے پاس تیس صاع جو کے عوض رہن (گروی) رکھی ہوئی تھی۔

- **رہن کے احکام**

1. رہن میں وہی چیز رکھی جاسکتی ہے جس کا بیچنا شرعاً جائز ہو، اور جس کا بیچنا شرعاً جائز نہ ہو اس کو رہن میں نہیں رکھا جاسکتا ہے جیسے وقف کردہ اشیاء وغیرہ۔
2. رہن میں رکھی ہوئی چیز (مرہونہ شئ) کے اوصاف کا علم ہونا چاہیے۔
3. جو شخص رہن رکھا رہا ہو (راہن) وہ شخص مرہونہ شے کا مالک ہو یا اسے اس میں تصرف کرنے کی اجازت ملی ہو۔

ABM Workshops

4. گروی رکھوائی ہوئی چیز سے فائدہ اٹھانا؟

اس مسئلہ میں راجح بات یہ ہے کہ اگر گروی رکھی جانے والی چیز خرچے کی محتاج نہ ہو مثلاً گھر اور دیگر سامان وغیرہ تو کسی حال میں بھی مرتہن کے لیے اس چیز سے راہن کی اجازت کے بغیر نفع حاصل کرنا جائز نہیں کیونکہ گروی رکھی ہوئی چیز راہن کی ملکیت ہے اور اس کی اجازت کے بغیر اس سے فائدہ اٹھانا جائز نہیں۔(المغنی: 509/6)

اور اگر گروی رکھی جانے والی چیز خرچے کی محتاج ہو مثلاً مویشی وغیرہ تو گروی رکھنے والا اپنے کیے ہوئے خرچے کے برابر اس چیز سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی علیہ وسلم نے فرمایا گروی کے جانور پر اس کے خرچ کے عوض سواری کی جائے اور دودھ دینے والے جانور کو دوہا جائے جبکہ وہ گروی ہو سواری کرنے والے اور دودھ پینے والے کے ذمہ اس کا خرچ ہے۔( البخاری: 2512)

5. مرہونہ شے اگر مرتہن (رہن رکھنے ولا) کی زیادتی یا خیانت کے بغیر ضائع ہو جائے تو اس کا ضامن و ذمہ دار نہیں ہو گا بصورت دیگر وہی ذمہ دار ہو گا کیونکہ مرہونہ شے امانت ہے مرتہن کے ہاتھ میں۔(البخاری: 2512)

6. جب قرض ادا کرنے کا وقت آجائے تو قرضدار کو چاہیے کہ وہ قرض ادا کر دے، قرض ادا نا کرنے کی صورت میں مرہونہ شے کو بیچ کر اس کا قرض ادا کر دیا جایگا۔(الفقه الميسر في ضوء الكتاب والسنة: ص222)

## c. الاجارہ

**تعریف:** اجارہ اجر سے مشتق ہے جس کے معنی عوض کے ہیں (کسی چیز کے منفعۃ کو معلوم عوض کے مقابل لینا)

اجارہ کسی چیز کو اجرت یا ٹھیکے پر دینے کو کہتے ہیں، گھر یا دکان وغیرہ کرایہ پر دینا، مقررہ اجرت پر کسی کو مزدور رکھنا، ملازمت و نوکری وغیرہ سب اجارہ میں شامل ہیں۔

**قَالَتْ إِحْدَاهُمَا يَاأَبَتِ اسْتَأْجِرْهُ إِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَأْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْأَمِينُ (القصص: 26)**

ان دونوں میں سے ایک نے کہا کہ ابا جی! آپ انہیں مزدوری پر رکھ لیجئے، کیونکہ جنہیں آپ اجرت پر رکھیں ان میں سے سب سے بہتر وہ ہے جو مضبوط اور امانتدار ہو۔

رسول اللہ ﷺ نے اشیاء کو اجرت پر دینے کی اجازت دی ہے۔(مسلم: 1549)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر نے بنی دیل کے ایک شخص کو ایک راہبر جو راہ بتانے میں بہت ہوشیار تھا مزدوری پر رکھا۔(البخاری: 2263)

**شروطِ اجارہ:**

ABM Workshops

1. اجارہ کے لیے اس شخص کا جائز التصرف ہونا ضروری ہے (عاقل، بالغ، آزاد اور رشد والا)

2. مزدور کی اجرت طے شدہ ہو (یعنی معلوم ہو)۔

3. مزدوری یا جس کام پر اجارہ طے ہو وہ معلوم ہو اور شرعاً جائز ہو۔

4. جس منفعہ پر اجارہ طے پایا ہے اس منفعہ کا مزدور مالک ہو یا مأذون ہو۔

5. اجارہ کی مدت معلوم ہو۔

**بعض احکامِ اجارہ:**

1. وہ طاعت کے اعمال جس سے اللہ تعالی کا تقرب حاصل کیا جاتا ہو اس میں اجارہ جائز نہیں، جیسے عبادات مثل اذان، حج، امامت، تعلیم القرآن، استفتاء وغیرہ ہاں ان کی اجرت بیت المال سے دی جانی چاہیے۔

2. اگر کرایہ کی کوئی چیز پر اجارہ مکمل ہو جائے اور طرفین میں سے کوئی فوت ہو جائے تو عقدِ اجارہ باقی رہے گا اور اس کے وارثین اس کے قائم مقام ہوں گیں۔

(الفقه الميسر في ضوء الكتاب والسنة: ص 234-235)

## d. ہبہ، ہدیہ، عطیہ

**تعریف:** بغیر عوض کے مال کا مالک بننا

اپنی خوشی سے بلا عوض کسی کو کوئی مال یا حق دینا ہبہ یا عطیہ کہلاتا ہے۔ یہ صرف جائز ہی نہیں بلکہ اسلام نے اس کی ترغیب بھی دلائی ہے۔

اولاد کو کوئی چیز ہبہ کرتے وقت ضروری ہے کہ ان کے درمیان عدل وانصاف سے کام لیا جائے یعنی جتنا ایک بچے کو دیا جائے اتنا ہی دوسرے کو بھی دیا جائے الا کہ کوئی بچہ خود ہی اپنا حق چھوڑنے پر راضی ہو جائے۔

ہدیہ وتحفہ دے کر واپس مانگنا بہت بڑا گناہ ہے۔

- ہبہ کیسے ممکن ہے؟ ج: قول اور فعل کے ذریعہ

**شروط:**

- ہبہ کرنے والا تصرف کرنے کے لائق ہونا چاہیئے
- ہبہ کرنے والے کو پورا اختیار ہو
- ہبہ کرنے والا اس لائق ہو کہ وہ خرید و فروخت کر سکے
- جس کو ہبہ کیا وہ قبول کرے
- ہبہ بغیر عوض کے ہونا چاہیئے

**بیٹے کے مال سے ہبہ:**

ABM Workshops

- بیٹے کو نقصان نہ پہنچے
- حالت صحت میں ہو
- اپنے دوسرے بیٹے کو نہ دے
- مال پر قول و فعل کے ذریعہ قبضہ ہو جائے

ہبہ سے رجوع کرنا:

- جب کہ ہبہ پر قبضہ نہ ہوا ہو اور یہ کہ رجوع زبان سے ہو
- قبضہ ہو جانے کے بعد والد رجوع کر سکتا ہے دوسرے نہیں

[الشرح الممتع: 65/11، المغني، الملخص الفقهي، الملخصات الفقهية الميسرة]

## e. وصیت

تعرف: وصیت یہ ہے کہ انسان تاکید کرے کہ اس کے مرنے کے بعد اس کے لیے فلاں فلاں کام کیے جائیں۔

اگر کوئی شخص کسی کے حق میں مالی وصیت کر جائے تو وہ شخص ایسا مال وصول کر سکتا ہے بشرطیکہ وہ اس شخص کا نہ تو وارث ہو اور نہ ہی اس نے اپنی میراث کے ایک تہائی حصے سے زیادہ کی وصیت کی ہو۔ یاد رہے میراث میں وصیت کے لیے شرط یہ ہے کہ وصیت وارث کے لیے نہ ہو اور ایک ثلث سے کم مقدار کی وصیت کی گئی ہو۔

جو شخص وصیت کرے ضروری یہ ہے کہ وہ:

1- بالغ
2- عاقل
3- اختیار ہو مجبور نہ ہو

جس کے حق میں وصیت کی جارہی ہے وہ:

1- مسلم ہو
2- مکلف ہو
3- رشد والا ہو
4- عادل ہو

کن باتوں میں وصیت کی جاسکتی ہے

1- حقداروں تک حق پہنچانے کے لیے

[الشرح الممتع: 134/11، المغني، الملخص الفقهي، الملخصات الفقهية الميسرة]

## f. لقطہ

ABM Workshops

تعریف: لقطہ سے مراد ایسی گمشدہ چیز ہے جو راستے میں گری پڑی ملے یا اس کا مالک لاپتہ ہو۔

جسے بھی راستے میں کوئی گری پڑی چیز ملے تو وہ اس کا اعلان کرے (مساجد کے باہر، مساجد کے اندر نہیں)۔ اگر مالک مل جائے تو وہ اسے دے دے اور اگر مالک نہ ملے اور وہ چیز بھی معمولی نوعیت کی ہو تو خود ہی اسے استعمال کر لے۔

اور اگر وہ چیز قیمتی ہو تو پھر سال بھر لوگوں کے جمع ہونے کے مقامات (مثلا مساجد، مدارس، بازاروں، وغیرہ) میں اعلان کرتا رہے اور مالک کا منتظر رہے اگر مالک آجائے تو اسے لوٹا دے اور اگر مالک نہ آئے تو سال کے بعد اسے استعمال میں لے آئے۔ لیکن اس صورت میں بھی یہ یاد رہے کہ اگر بعد میں بھی مالک آجائے تو وہ چیز مالک کو لوٹانی ہو گی۔

جو جانور خود اپنی حفاظت کر سکتے ہیں جیسے اونٹ اور بعض اہل علم کے مطابق گائے، ہرن اور پرندے وغیرہ تو انہیں اٹھانے کی ضرورت نہیں۔

[الشرح الممتع: 359/10، المغني، الملخص الفقهي، الملخصات الفقهية الميسرة]

## g. وقف

تعریف: قرب الٰہی کی غرض سے کسی مال کو بعینہ تصرف سے روک دینا اور مباح مصارف میں اس سے نفع پہنچانا۔

وقف خالص اللہ کی رضا و خوشنودی کے لیے ہونا چاہیے۔

وقف شدہ املاک کو نہ تو فروخت کیا جا سکتا ہے نہ ہی انہیں بطور وراثت تقسیم کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی انہیں ہبہ کیا جا سکتا ہے۔

وقف شدہ اشیاء کا متولی و نگران کاران سب سے حسب ضرورت خود بھی کھا سکتا ہے اور اپنے دوست احباب کو بھی کھلا سکتا ہے لیکن اس کے لیے یہ جائز نہیں کہ ان اشیاء کو اپنی ملکیت بنا کر مال جمع کرتا رہے۔

[الشرح الممتع: 5/11، المغني، الملخص الفقهي، الملخصات الفقهية الميسرة]

## h. عاریت

تعریف: عاریت سے مراد ادھار لی ہوئی چیز ہے۔

ادھار لی ہوئی چیز کا واپس کرنا ضروری ہے۔

ادھار لی ہوئی چیز اگر ہلاک یا تلف ہو جائے تو اس جیسی چیز یا اس کی قیمت کی ادائیگی ادھار لینے والے پر لازم ہے کیونکہ وہ اس وقت تک بری نہیں ہوتا جب تک ادھار لی ہوئی چیز واپس نہ کر دے، اس چیز کی ذمہ داری اس پر باقی رہتی ہے۔

[الشرح الممتع: 107/10، المغني، الملخص الفقهي، الملخصات الفقهية الميسرة]

## i. ضمانت

لین دین کے معاملے میں بعض اوقات اعتماد نہ ہونے کی وجہ سے ضمانت کی ضرورت پیش آتی ہے۔ قرض لینے والا یا دوسرا کوئی جس پر حق ہوتا ہے وہ کسی کو اپنا ضمانتی بناتا ہے اور وہ ضمانتی یہ ذمہ داری اٹھاتا ہے کہ وہ مقررہ وقت پر حقدار کو اس کا حق دلوائے گا۔ ایسے شخص کو ضامن کہا جاتا ہے۔

ادھار لینے والا اگر نیک ہو اور دینے والے کو اس کا علم نہ ہو تو ایسی صورت میں اس کا ضامن بننا یقیناً نیکی کا کام ہے۔

اگر ادھار لینے والا چیز لے کر بھاگ جائے یا نہ دے تو ضامن بننے والا اس کا تاوان ادا کرے گا۔

اگر ادھار لینے والا تنگ دست ہونے کی وجہ سے ادئیگی کی طاقت نہ رکھتا ہو اور ضامن میں بھی استطاعت نہ ہو تو پھر ضمانت اٹھانے والا لوگوں سے سوال بھی کر سکتا ہے اور فرض زکاۃ یا نفلی صدقات وصول کر کے بھی تاوان ادا کر سکتا ہے۔

اور اگر ضمانت دینے والا فوت ہو جائے تو پھر چیز کا مالک ادھار لینے والے سے تقاضا کر سکتا ہے کیونکہ اصل دیندار ی تو وہی ہے۔

**[الشرح الممتع: 182/9، المغني، الملخص الفقهي، الملخصات الفقهية الميسرة]**

## j. وکالت

وکالت یہ ہے کہ انسان جس کام میں خود دخل رکھتا ہے کسی اور کے سپرد کر دے تاکہ وہ اس کام کو اس کی طرف سے انجام دے۔

**جن چیزوں میں وکالت جائز ہے:**

- معاملات—خرید و فروخت ہبہ وغیرہ
- طلاق
- طلاق میں رجوع کرنا
- صلح کرنا
- حج و عمرہ

**جن چیزوں میں وکالت درست نہیں:**

- نماز
- روزہ
- قسم
- طہارت

**وکالت کب باطل ہو جاتی ہے:**

- وکیل یا موکل کی موت
- دونوں میں سے کسی کا پاگل ہونا
- موکل کا مرتد ہو جانا
- دونوں میں سے کوئی وکالت سے رجوع ہو جانا۔

ABM Workshops

[الشرح الممتع: 321/9، المغني، الملخص الفقهي، الملخصات الفقهية الميسرة]

## k. کفالت

کفالت کا مفہوم یہ ہے کہ کوئی شخص ضامن بنے اس بات کی ضمانت لینا کہ حقدار تک اس شخص کو پیش کرے جس پر حق کی ادائیگی واجب ہے۔

کفالت کے الفاظ۔

- میں فلاں کا ضامن ہوں کفیل ہوں
- میں اپنے آپ کا کفیل ہوں
- میں زعیم ہوں۔۔۔وغیرہ وغیرہ
- اگر کفیل مکفول کو حاضر کرنے سے قاصر رہا تو وہ خود ضامن ہو گا

← کفیل کب بری ہوتا ہے اپنی کفالت سے

- جبکہ کفیل نے مکفول کو حاضر کر دیا ہو
- اگر مکفول خود بخود حاضر ہو جائے
- اگر مکفول انتقال کر جائے

[الشرح الممتع: 202/9، المغني، الملخص الفقهي، الملخصات الفقهية الميسرة]

## l. حوالہ

قرض کا مقروض شخص کے ذمہ سے نکل کر ذمہ لینے والے کے حق میں چلے جانا۔

اگر انسان اپنے طلبگار کو حوالہ دے کہ اپنے قرض کو فلاں سخص سے لے لے اور طلبگار اسے قبول کرے۔ تو حوالہ انجام پاجاتاہے۔

حوالہ کیا جانے والا مال حوالہ دینے والے اور طلبگار کے درمیان معین ہونا چاہیے۔

[الشرح الممتع: 210/9، المغني، الملخص الفقهي، الملخصات الفقهية الميسرة]

ABM Workshops

# Buyoo' ki chand mazeed abhaas

## Bae Salam

Bae salam bae ki ek shakal hai, ye bae saat shuroot ke saath durust hogi:
Pehli Sharth : Yeh sauda is cheez me hai jis ki sifaat ko bayaan kiya ja sakta ho.
Dosri Sharth : Iski sifaat ko bayaan kiya jaye is cheez se jis ki zaaheri taur par qeemat mukhtalif ho jati ho.
Teesri Sharth : Wo naap wali cheez ho toh iska naap bayaan kiya jaye, wazan wali ho toh wazan aur gaz wali ho toh gaz bayaan kya jaye.
Chauthi Sharth : Udhar ki huvi cheez ki hawalagi me muayyan waqt ki sharth lagayi jaye.
Paanchvi Sharth : Udhar ki huvi cheez umooman waqt par dastiyaab ho.
Chati Sharth : Aqd ki majlis me qeemat par qabza karliya jaye.
Saatvi Sharth : Udhar is me ki haye jo zimme me baqi rahe, toh agar ayni cheez me udhar ho toh yeh jaayez nahi hai

## Rehan

Tareef: Qarz ke badle koi maal ba haisiyat dastaweez deena(al fiqh al islami wa adillah 6/4207)

Allah Ta'ala ka farmaan hai: Aur agar tum safar mein ho aur likhne wala na paao to Rehan qabze mein rakh liya karo(2:283)

Safar ki qaid aglabiyat ki bina par hai Rehan fil Hazr ke jawaaz mein Jumhoor Ulema ka ittefaaq hai.(al mugni-4/327.al fiqh al islami wa adillah 6/4209)

Ayesha RaziAllahuAnha se riwayat hai ke Rasool ﷺ jab Faut huwe to Aapﷺ ki Zira'a ek yahodi ke paas tees (30) sa'a jou ke ewaz Rehan rakhi huwi thi.(Bukhari 2916:Muslim 1603)

**Rahen ke Ehkam**

1. Rahen main wahi cheez rakhi jaye jaasakti hai jiska beachna shara'an jayez ho ,aur jiska bechna shara'an jayez na ho usko rahen mein nahi rakha jaa sakta hai jaise waqf kardah ashyaa wagairah.
2. Rahen mein rakhi huwi cheez (marhona shae) ke ausaaf ka ilm hona chahiye.
3. Jo shaqs rahen rakha raha ho (Rahin) wo shaqs marhona shae ka malik ho ya use is mein tasarruf karne ki ijazat mili ho.
4. Girwi rakhwai huwi cheez se faida uthana ?

Is masle mein raajeh baat ye hai ke agar girwi rakhi jaane wali cheez kharche ki muhtaaj na ho masalan ghar aur deegar samaan wa gairah to kisi haal mein bhi murtahin ke liye us cheez se rahin ki ijazat ke bagair nafa'a hasil karna jayez nahi kyun ke girwi rakhi huwi cheez rahin ki milkiyat hai uski ijazat ke bagair us se faaida uthana jayez nahi. (Al Mugni 6/509)

Aur agar girwi rakhi jane wali cheez kharche ki muhtaaj ho masalan moishi wagairah to girwi rakhne wala apne kiye huwe kharche ke barabar us cheez se faida utha sakta hai.

ABM Workshop

Abu Hurairah Razi Allahu anhu se riwayat hai ke Rasoolullah ﷺ ne farmaya girwi ke jaanwar par uske kharch ke ewaz sawari ki jaye aur doodh dene wale jaanwar ka doodh doha jaye jabke wo girwi ho sawari karne wale aur doodh peene wale ke zimmeh uska kharch hai (Bukhrari: 2512)

5. Marhona shae Murtahin (rahen rakhne wala) ki ziyadati ya khayanat ke bagair za'ae hojaye to uska zamin wa zimmedaar nahi hoga basurate deegar wahi zimmedaar hoga kyunke marhona shae amanat hai Murtahin ke hath mein. (Bukhari: 2512)
6. Jab qarz ada karne ka waqt aajaye to qarzdaar ko chahiye ke wo qarz ada kare, qarz ada na karne ki sorat mein Marhona shae ko bech kar uska qarz ada kardiya jayega.(Al Fiq Al Muyassar Fee Zauil Kitaab wa Sunnah: p 222)

## Al Ijarah

Ijarah ajr se mushtaq hai jis ke ma'ane ewaz ke hain. (kisi cheez ke munfa'a ko ma'aloom ewaz ke muqabil lena )

Ijarah kisi cheez ko ujrat ya theke par dene ko kehte hain, ghar ya dukaan wagairah kiraye par dena, muqarrah ujrat par kisi ko mazdoor rakhna, mulazimat wa naukri wagairah sab ijarah mein shamil hain.

Allah Ta'alah ka farmaan hai: In dono mein se ek ne kaha ke abbaji! Aap unhen mazdoori par rakh lijiye, kyunke jinhe Aap ujrat par rakhen un mein se sabse behtar wo hai jo mazboot aur amanatdaar ho.

Rasoolullah ﷺ ne ashya ko ujrat par dene ki ijazat di hai.(muslim:1549)

Nabi ﷺ aur Abu Bakar ne banee dail ke ek shaqs ko ek rahbar jo raah batane mein bahut hoshyaar tha mazdoori par rakha. (Bukhari: 2263)

**Shuroote Ijarah:**

1. Ijarah ke liye us shaqs ka jayeze tasarruf hona zarori hai. (aaqil,balig,aazaad aur rushd wala)
2. Mazdoor ki ujrat tay shuda ho (yaani ma'aloom ho).
3. Mazduri ya jis kaam par ijarah tay ho wo ma'aloom ho aur shar'an jayez ho.
4. Jis manfa'a par ijarah tay paya hai us manfa'a ka mazdoor malik ho ya ma'zoon ho.
5. Ijarah ki muddat ma'loom ho.

**Ba'z Ehkaame Ijarah**

1. Wo ta'at ke a'amaal jis se Allah Ta'ala ka taqarrub hasil kiya jata ho is men ijarah jayez nahi, jaise Ibaadat misl Azaan, Hajj, Imamat, Ta'aleemul Quraan, Istefta wa gairah han unki ujrat baitul maal se dee jani chahiye.

ABM Workshops

2. Agar kiraye ki koi cheez par ijarah mukammal hojaye aur tarafain mein se koi faut hojaye to aqde ijarah baqi rahega aur uske wariseen uske qaaim muqaam hounge.

(Al Fiq Al Muyassar Fee Zauil Kitaab wa Sunnah: p 234,235)

## Hiba, Hadya, Atya:

Ta'areef: Bagair ewaz ke maal ka malik banna

Apni khushi se bila ewaz kisi ko koi maal ya haq duniya hiba ya atya kehlaata hai. Yeh sirf jayz hi nahi balke Islam ne iski targeeb bhi dalaayi hai.

Awlaad ko koi cheez Hiba karte waqt zarori hai keh un eke darmiyaan edal wa insaaf se kaam liya jaye yani jitna ek bache ko diya jaye utna hi dusre ko bhi diya jaye ilaa keh koi bache khudhi apna haq chodne per razi ho jaye.

Hibah kayse momkin hai? Jawab: Qawl aur fa'l ke zariyeh

Shrooth:

- Hiba karne wala tasarruf karne ke laayeq hona chahiye
- Hiba karne wale ko pura ekhtiyaar ho
- Hiba karne wala uss laayeq hota keh wo kharid wa farokhat kar sake
- Jiss ko hiba kiya wo qubool kare
- Hiba bagair ewaz ke hona chahiye

Bete ke maal se hiba:

- Bete ko nuqsaan na pahunche
- Haalate sehat me ho
- Apne dusre bete ko na de
- Maal per qawl fayl ke' zariye qabza ho jaye

Hiba se rujoo karna:

- Jab ke Hiba per qabza na hua ho aur yeh rujoo hona zuban se kaha jaye
- Qabza ho jana ke bad walid rujoo kar sakta hai dusre nahi

## Wasiyat

Tareef: Wasiyat ye hai ke insaan takeed kare ke us ke marne ke bad us ke liye fala fala kaam kiya jaye.

Agar koi shakhs kisi ke haq mai mali wasiyat kar jaye toh who shakhs use wasol kar sakta hai basharth ke wo uss shakhs ka na toh waris hua aur nah hi usne apni miraas k ek tihaaee hisse se ziyada ki wasiyat ki ho. Yaad rahe miraas me wasiyat ke liye shart ye hai ke wasiyat waris ke liye nah ho aur ek sulus(1/3) se kam miqdaar ki wasiyat ho.

Jo shakhs wasiyat kare zarori ye hai ke wo:

1. Baaligh
2. Aaqil
3. Ikhtiyaar ho majboor na ho

Jis ke haq mai wasiyat ki ja rahi hai wo:

1. Muslim ho
2. Mukallaf ho
3. Rushd waala ho
4. A'adil ho

Kin bataon mai wasiyat ki ja sakti hai

1. Haqdaaroon tak haq pahunchane ke liye

## Luqtah

Tareef: Luqtah se muraad aaysi gumshuda jeez hai jo raaste mai giri padi mile ya uska malik lapata ho.

Jise bhi raste mai koi giri-padi cheez mile toh wo uska e'alaan kare(masajid ke bahar, masajid ke andar nahi). Agar malik mil jaye toh wo use de de agar malik na mile aur wo cheez bhi ma'moli nau'eyat ki ho toh khud hi use istemal karle.

Aur agr wo cheez qeemti ho toh phir saal bhar loگo ke' jama' hone ke muqamat (Maslan Masajid, madaris, bazaroo, wagayra) mai a'elaan karta rahe aur malik ka muntazir rahe agar malik aajaye toh use lautade aur agar malik na aaye toh saal ke bad use istemal mai le aaye. Lekin us surat mai bhi yeh yaad rah eke agar bad mai bhi malik ajaye toh wo cheez malik ko lautani hungi.

Jo janwar khud apni hifazat kar sakte hai jayse ount aur bayz ahle ilm ke mutabiq gaae, hiran aur parinde wagayra toh unhe uthane ki zarurat nahi.

## Waqf

Tareef: Waqf se muraad qurbe ilahi ki gharz se kisi maal ko bi-ainihi tasarruf se rok dena aur mubaah musaarif mai us se nafa' pounchana.

Waqf khalis Allah ki raza wa khushnudi ke liye hona chahiye.

Waqf shudah imlaak ko na toh farokhat kiya ja sakta hai na hi unhe bataure waraasat taqseem kiya ja sakta hai aur na hi unhe hiba kiya ja sakta hai.

Waqf shudah ashyaa' ka mutawalli aur nigraan kaar une sab s hasbe zarorat khud bhi kha sakta hai aur apne dost ahbab ko bhi khila sakta hai lekin us ke liye ye jayz nahi ke un ashyaa' ko apni milkiyat bana kar maal jama' karta rahe.

## A'ariyat

Tareef: Aa'riyat se muraad udhaar li hui cheez hai.

Udhaar li hui cheez ka wapis karna zarori hai.

Udhaar li hui cheez agar halaak ya talaf ho jaye toh us jaysi cheez ya us ki qeemat ki ada'yegi udhaar lene wale per lazim hai kyuke who us waqt tak bari nahi hota jab tak udhaar li hui cheez wapis nah karde, us cheez ki zimmedari us per baqi rehti hai.

## Zamaanat

Layn- dayn ke ma'mle mai bayz auqaat eetemaad na hone ki wajah se zamaanat ki zarorat paysh aati hai. Qarz lene wale ya dusra koi jis per haq hota hai wo kisi ko apna zamaanati banaata hai aur wo zamaanati ye zimidariuthana hai ke wo muqarrarah waqt per haqdaar ko us ka haq dilwaye ga. aise shakhs ko zaamin kaha jata hai.

Udhaar lene wala agar neyk ho aur dene wale ko us ka ilm na ho to aisi soorat me uska zaamin banna yaqinan neki ka kaam hoga.

Agar udhaar lene waala cheez lekar bhaag jaae ya naa de to zaamin banne waala uska taawaan ada karega.

Agar udhaar lene wala tang dast hone ki wajah se ada'yegi ki taqat na rakhta ho aur zaman mai bhi isteta'at nah ho toh phir zammanat uthane wala logao se sawal bhi kar sakta hai aur farz zakat ya nafli sadqaat wasaul karke bhi tawun adaa kar sakta hai. Aur agar zamaanat dene wala faut ho jaye toh fir jayz ka malik udhaar lene wale se taqaazaa kar sakta hai kyu nakeh asal deendari toh wahi hai.

## Wakaalat

Wakaalat ye hai ke insaan jis kaam mai khud dakhal rakhta hai kisi aur ke supurd kare take who us kaam ko us ki taraf se anjaam de.

Jin cheezao mai wakaalat jaayz hai:

- Ma'amlaat- Kharid wa farokhat hiba wagayra
- Talaq
- Talaq mai rujoo' karna
- Sulah karna
- Hajj wa umrah

Jin cheezao mai wakaalat durust nahi:

- Namaz
- Roza
- Qasam
- Taharat

Wakaalat kab batil ho jati hai:

- Wakeel ya mukal ki maut
- Dono mai se kisi ka pagal hona
- Muwakkil ka murtad ho jana
- Dono mai se koi wakaalat se rujoo' ho jana.

## Kafaalat

Kafaalat ka mafhoom ye hai ke koi shakhs zaman bane us baat ki zamaanat lene haqdaar tak us shakhs ko paysh kare jis per haq ki ada'yegi wajib hai.

ABM

Kafalat ke alfaaz.

- Mai falaa ka zaaman ho kafeel ho
- Mai apne ap ka kafeel ho
- Mai za'eem ho… wagayra wagayra
- Agar kafeel makfool ko hazir karne se qasir raha toh wo khud zamen hoga
    - Kafeel kab bari hota hai apni kafaalat se
- Jabke kafeel ne makfool ko hazir kar diya ho
- Agar makfool khud b khud hazir ho jaye
- Agar makfool inteqaal kar jaye

## Hawaala

Qarz ka maqrooz shakhs ke zimma se nikal kar zimma lene wale ke haq me chale jaana.

Agar insaan apne talabgaar ko hawaala dekar apne qarz ko fulaa shakhs se le le aur talabgaar ise qabool kare to hawala anjaam pa jata hai.

Hawala kiya jane wala maal hawala dene wale aur talabgaar ke darmiyaan mu-ayyan hona chahiye.

ABM Workshops

# بزنس کے دوران ہونے والے دس گناہ

1. سود
2. جوا
3. جہالت
4. دھوکا[1]
5. پاٹنرشپ کے حلال و حرام کے مسائل کا خیال نہ رکھنا
6. شروط و موانع کا خیال نہ رکھنا
7. حلال بالشروط کا خیال نہ رکھنا
8. خارجی اور داخلی مسائل کا ادراک نہ رکھنا
9. حلال کو حرام اور حرام کو حلال کرلینا
10. قرض ورہن کے مسائل کا نہ جاننا

نوٹ: تفصیل کے لیے شیخ ارشد بشیر مدنی حفظہ اللہ کا بیان یوٹیوب پر ملاحظہ فرمائیں۔

1۔ إن الربا والميسر حرام ومثله الجهالة والغرر

ABM Workshops

# بیوع کے جدید مسائل سوال جواب کی شکل میں (ہاں، نا اور فیہ تفصیل کے انداز میں)

- ہوم ورک: مندرجہ ذیل مسائل کی تحقیق کریں اور حوالہ نقل کریں؟

## بیعِ سلم

| | | |
|---|---|---|
| 1. | کسی ایک متعین چھتے سے پیدا ہونے والی شہد میں بیع سلم [اُدھار سودا] کرنا | درست نہیں ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 2. | غلے واناج پر قبضہ کرنے سے پہلے اسے بیچنا | جائز نہیں ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 3. | کسی شخص سے کچھ نقد رقم ادھار لے، اس شرط پر کہ وہ ایک معین مدت کے بعد چند صاع جو یا مکئی اس کے بدلے میں دے گا۔ | فیہ تفصیل (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

اگر وہ اپنے ذمہ میں مذکورہ صاع کی مقدار میں اناج دینے کا التزام کرے تو یہ مسئلہ بیع سلم (ادھار سودا) کے مسائل میں سے شمار کیا جائے گا، اور یہ ایک بیع کی قسم ہے، جو اپنی شروط سے درست ہوگی، اور یہ سات شرطیں ہیں:

پہلی شرط: یہ سودا اس چیز میں ہو جس کی صفات کو بیان کیا جا سکتا ہو۔

دوسری شرط: اس کی صفات کو بیان کیا جائے اس چیز سے جس کی ظاہری طور پر قیمت مختلف ہو جاتی ہو۔

تیسری شرط: وہ ناپ والی چیز ہو تو اس کا ناپ بیان کیا جائے، وزن والی ہو تو وزن، اور گز والی ہو تو گز بیان کیا جائے۔

چوتھی شرط: ادھار کی ہوئی چیز کی حوالگی میں معین وقت کی شرط لگائی جائے۔

پانچویں شرط: ادھار کی ہوئی چیز عموماً وقت پر دستیاب ہو۔

چھٹی شرط: عقد کی مجلس میں قیمت پر قبضہ کر لیا جائے۔

ساتویں شرط: ادھار اس میں کی جائے جو ذمہ میں باقی رہے، تو اگر عینی چیز میں ادھار ہو تو یہ جائز نہیں ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 4. | کیا سکوں اور کاغذی کرنسی میں ربا (سود) وارد ہوتا ہے | وارد ہوتا ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 5. | کرنسیوں کی خرید وفروخت | جائز ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 6. | کیا فوائد [بینک سے ملنے والی اضافی رقم] سود شمار ہوں گے؟ | جی سود شمار ہوں گے؟ (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 7. | ادھار کی شکل میں موجودہ قیمت سے زیادہ قیمت پر بیع کرنا | فیہ تفصیل (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

موجودہ قیمت سے زیادہ قیمت پر ادھار بیع کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے، جبکہ قیمت کی مقدار اور ادھار کا وقت عقد کے وقت متعین ہو، اور کسی ایک قیمت اور مدت پر قطعی عقد کرنا چاہئے، نہیں تو یہ بیع مجہول اور غیر واضح ہوگا، کیونکہ اس میں مدت کی تعیین نہیں ہے، اور اس لیے کہ یہ جاہلیت کے سود کے مشابہ ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 8. | پوری قیمت یا کچھ قیمت ادھار پر سونے کی خرید وفروخت | جائز نہیں ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

ABM Workshops

| | | |
|---|---|---|
| .9 | سونے کی قیمت عقد کے ایک ہفتہ بعد ادا کرنا | جائز نہیں ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

## الضمان

| | | |
|---|---|---|
| .1 | ٹیلیفون یا کسی اور کمپنی کو بطور ضمانت رقم کی ادائیگی | جائز ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| .2 | کیا بنک سے قرض حاصل کرنے میں کسی شخص کا ضامن بننا جائز ہے؟ | جائز نہیں ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| .3 | وہ امانت بغیر کسي زیادتي کے اس سے ضائع ہو جائے | اس پر کوئي تاوان نہیں (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| .4 | والدہ کی انگوٹھی ان کے علم بغیر لی اور مجھ سے گم ہو گئی | فیہ تفصیل (شیخ محمد صالح المنجد) |
| آپ پر واجب ہے کہ آپ اپنی والدہ سے معافی مانگیں اور اس انگوٹھی کے عوض میں اسی طرح کی ایک انگوٹھی ادا کریں۔ اور نابالغ ہونے کی صورت میں گناہ نہیں ہو گا، لیکن وہ ضامن ہی رہے گا کیونکہ بچہ تلف کردہ اشیاء کا ضامن ہو گا اور اسی طرح ان اشیاء کو لینے کے بعد واپس کرنے میں ان کی قیمت کی کمی بھی پوری کرنا ہو گی۔ | | |
| .5 | رہائشی مکان کرایہ پر لینے کے لئے بطور ضمانت رکھی ہوئی رقم بینک میں جمع کرنا | فیہ تفصیل (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| بینکوں میں اس طرح کی رقمیں رکھنے کا مقصد اگر صرف حفاظت ہے، تو ضرورت کے پیش نظر اس میں کوئی حرج نہیں ہے، لیکن اگر مقصد سودی انوسٹمنٹ ہے تو یہ جائز نہیں ہے، لیکن رقم کے مالک پر بہر حال یہ واجب ہے کہ رقم اگر نصاب تک پہنچتی ہے اور اس پر سال بھی گزر جاتا ہے تو اس کی زکوۃ ادا کرے۔ | | |

## الكفالة

| | | |
|---|---|---|
| .1 | پنشن کے معاوضہ سے یتیم کی کفالت کی وصیت کرنا | جائز ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| .2 | اپنی بیوی کی بہن (سالی) کی کفالت سے آدمی اس کے لئے محرم بن سکتا کیا؟ | محرم نہیں ہو گا (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| .3 | یتیم کی کفالت کی وصیت کرنا | جائز ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| .4 | یتیموں اور مسکینوں کی کفالت اور ان پر خرچ کرنے والے اداروں کو زکاۃ دینا | جائز ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

## الحوالة الوكالة

| | | |
|---|---|---|
| .1 | اسلامی عدالت کے نظام میں وکیل کا کیا مقام ہے؟ | فیہ تفصیل (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

ABM Workshops

اسلامی نظامِ عدالت میں وکیل کا مقام یہ ہے کہ وہ فریقین [مدعی اور مدعاعلیہ] میں سے جس کی طرف سے دفاع کے لئے متعین کیا گیا ہے وہ اس کا ذمہ دار ہے، اور وکیل اور اس کے مؤکل پر یہ واجب ہے کہ وہ حق کے مطالبہ کرنے اور اپنے فریقِ مخالف کے ساتھ انصاف کرنے میں اعتدال سے کام لیں، اور اگر انہوں نے اعتدال پسندی کے بجائے ناحق طریقے سے اس مسئلے میں کامیابی حاصل کرنے کی کوشش کی، اور حرام طریقے سے مفاد پانے کا ارادہ کرتے ہوئے دھوکہ دہی اور مسئلے کو الجھانے پر اٹل رہے، تو یہ دونوں وکیل اور مؤکل] گنہگار ہوں گے، اور انہوں نے گویا ناحق مال کھایا ہے۔

## آبیاری اور زراعت

| | | |
|---|---|---|
| 1. | زمیندار اور مزدور کے درمیان زراعت کا کنٹراکٹ | جائز ہے جبکہ محظورات سے خالی ہو (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 2. | حصہ داروں کے درمیان نفع کی ایک مشترک نسبت کا تعیین کرنا | جائز ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 3. | تمباکو کاشت کرنے کا حکم | جائز نہیں ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 4. | سودی قرض اور زراعت | جائز نہیں ہے ( الاسلام سوال وجواب) |

## الإجارة

| | | |
|---|---|---|
| 1. | بنک کو عمارت کرایہ پر دینے کا حکم | جائز نہیں ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 2. | کیا خطبۂ جمعہ پر اجرت لینا جائز ہے | جائز ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 3. | میت کو غسل دینے پر اجرت لینے کا کیا حکم ہے | جائز ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 4. | کیا مسلمان کے لیے کسی کافر سے جائداد کرایہ پر حاصل کرنا جائز ہے؟ | جائز ہے (شیخ ابن باز) |
| 5. | سونے اور چاندي کے زیورات اجرت پر حاصل کرنے کا حکم کیا ہے | جائز ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 6. | بیماروں کو دم کرنے کی اجرت لینا | جائز ہے (مجموع فتاوى و مقالات متنوعة) |

## المسابقة

| | | |
|---|---|---|
| 1. | کتوں کی دوڑ اور خوبصورتی کا مقابلہ کرانا | جائز نہیں ہے (الاسلام سوال و جواب) |
| 2. | مقابلے میں حصہ لینے والوں کے انعامات | فیہ تفصیل (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

مسابقے میں کامیاب ہونے والے شخص کا انعام لینا جائز ہے، اگر وہ انعام اعلی سرپرست یا اس کے نائب کی جانب سے ہو، یا حصہ نہ لینے والوں کی جانب سے رضاکارانہ طور پر ہو، اور مسابقے میں حصہ نہ لینے والے کو انعام دینے کے عوض حسب نیت اجر و ثواب ملے گا، اور اگر انعامات مقابلے میں حصہ لینے والوں میں سے کسی کی طرف سے بخوشی ہوں؛ تاکہ کامیاب افراد کو دیا جائے، تو یہ بھی جائز ہے کیونکہ اس میں جوا نہیں ہے، لیکن



ABMWorkshops

| | | | |
|---|---|---|---|
| اگر یہ انعامات مقابلے کے مشاہدین میں سے بعض ٹکٹ کے خریداروں کے لئے صرف اس لئے ہوں تاکہ انہیں مشاہدہ کا موقع دیا جائے تو یہ جائز نہیں ہے۔ | | | |
| 3. | حفظ قرآن کے لئے مسابقہ کرانے کا حکم | جائز ہے(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) | |
| 4. | 700 کا ہندسہ ڈائل کر کے مقابلہ میں حصہ لینا | جائز نہیں ہے(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) | |
| 5. | بیل فائٹنگ مقابلے کرانے کا حکم | جائز نہیں ہے(الشيخ ابن عثيمين) | |
| 6. | خریداری سے مشروط انعامی مقابلہ | فیہ تفصیل(الاسلام سوال وجواب) | |
| قرعہ اندازی کے ذریعہ معین انعامی مقابلوں کے متعلق عرض یہ ہے کہ :<br>اگر تو ان انعامی مقابلوں میں شریک ہونے کی رغبت رکھنے والا شخص کچھ رقم ادا کرنے کے بغیر مقابلہ میں شریک نہ ہوسکے، چاہے وہ رقم قلیل ہو یا کثیر، اور بعض اوقات وہ انعام بھی حاصل کر سکتا ہے، تو یہ اس قمار بازی اور جوے کی قسم میں شامل ہوتا ہے جسے آج کے دور میں لاٹری کا نام دیا جاتا ہے، ان انعامی مقابلوں میں شرکت کرنے والا اکثر طور پر تو کوپن کی قیمت کا نقصان اور خسارہ کر بیٹھتا ہے، اور بہت نادر ہی اسے کوئی انعام ملتا ہے، بلاشک وشبہ یہ قمار بازی اور جوے، اور ناحق اور باطل طریقہ سے لوگوں کا مال کھانے، اور لوگوں کو دھوکہ دینے، اور مال ضائع کرنے میں شامل ہوتا ہے. اور اسی طرح ٹی وی کے ان انعامی مقابلوں کے متعلق جن میں شرکت کرنے کے لیے انعامات رکھنے والوں کی جانب سے ایک معین کارڈ خریدنا پڑتا ہے اس کا معاملہ بھی ایسا ہی ہے، اور اسی طرح تجارتی مارکیٹوں اور دوکانوں کی جانب سے پیش کیے جانے والے انعامی مقابلے جن میں کوپن صرف انہیں دیا جاتا ہے جو ایک معین مبلغ کی خریداری کرے، اس کا معنی یہ ہوا کہ اس انعامی مقابلے کے کارڈ کی قیمت رکھی گئی ہے جو خریداری بل کے ضمن میں ادا کی جاتی ہے، تو یہ بھی لاٹری کی ایک قسم ہی ہے . | | | |
| 7. | اخبارات میں ثقافتی مقابلہ کے انعامات کا حکم | فیہ تفصیل(الشيخ ابن عثيمين) | |
| شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ نے ان انعامی مقابلوں کو دو شرطوں کے ساتھ جائز قرار دیا ہے :<br>پہلی شرط :مقابلہ میں شرکت کرنے والا شخص سامان یا اخبار اپنی ضرورت کی بنا پر خریدے۔<br>دوسری شرط :انعامی مقابلہ کی بنا پر سامان یا اخبار کی قیمت میں اضافہ نہ کیا گیا ہو۔ | | | |
| 8. | انٹرنیٹ انعامی مقابلے | فیہ تفصیل(الشيخ راشد العلوى ممبر تدريسى كميٹى امام يونيورسٹى القصيم) | |
| انٹرنیٹ وغیرہ کے ذریعہ پیش کردہ انعامی مقابلہ میں شرکت کرنے میں کوئی حرج نہیں، لیکن شرط یہ ہے کہ اس میں شریک ہونے والے کو کوئی نقصان نہ ہو، وہ اس طرح کہ یا تو اسے کچھ ملے، یا پھر وہ نقصان سے سلیم رہے؛ کیونکہ اس میں نہ تو قمار بازی اور نہ ہی جوا پایا جاتا ہے، کیونکہ جوا اور قمار بازی میں شخص متردد رہتا ہے کہ اسے یا تو نقصان ہوگا یا پھر وہ کچھ حاصل کرلے گا .<br>لیکن شرط یہ ہے کہ یہ مقابلے حرام اشیاء سے خالی ہوں، یعنی ان کے سوالات میں کوئی فحش یا پھر گانے بجانے وغیرہ دوسری حرام اشیاء کے سوالات نہ ہوں، اگر ہوں تو اس وجہ سے یہ حرام ہونگے، نہ کہ قمار اور جوے کی بنا پر . | | | |

## العارية

ABM Workshops

| | | |
|---|---|---|
| .1 | عاریت میں لی ہوئی چیز لوٹانے کا حکم | واجب ہے(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| .2 | کیا ننگی اور فحش تصاویر والے کمپیوٹر کی مرمت کرنا کیسا ہے؟ | جائز نہیں ہے(الشيخ محمد صالح المنجد) |
| .3 | بیوی کو سونا دیا تو کیا اختلافات ہونے کی صورت میں واپس دینے کا مطالبہ کر سکتا ہے ؟ | فیہ تفصیل(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

جس شخص نے بیوی کو مہر کے علاوہ اور سونا دیا اگر تو یہ بطور ہدیہ تھا تو یہ سونا بیوی کی ملکیت بن جائیگا اور اس کے لیے وہ ہدیہ واپس لینا جائز نہیں . ایسا کرنا مکارم اخلاق کے خلاف ہے. لیکن اگر خاوند نے اسے سونا عاریتا دیا ہے کہ بیوی اسے پہن کر زیب وزینت اختیار کرے اور فائدہ حاصل کرے، تو یہ سونا ابھی تک خاوند کی ملکیت ہے، بیوی کی ملکیت نہیں، اور خاوند کو واپس کرنے کا مطالبہ کرنے کا حق ہے .

| | | |
|---|---|---|
| .4 | مسجد سے عاریتا کتابیں لینا | جائز ہے(الاسلام سوال وجواب) |
| .5 | بغیر کسي زیادتي کے امانت ضائع ہونے کی صورت میں کیا تاوان ادا کیا جائے گا | فیہ تفصیل(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

جس شخص کے پاس امانت رکھي گئي ہو وہ اس کا امین ہے اور اگر وہ امانت بغیر کسي زیادتي کے اس سے ضائع ہو جائے تو اس پر کوئی تاوان نہیں، لھذا اگر معاملہ ایسا ہي ہے تو آپ کے ذمہ اس رقم کے عوض میں ادائیگي کرنا واجب نہیں .

| | | |
|---|---|---|
| .6 | ودیعت میں رکھی ہوئی چیز مالک کی اجازت کے بغیر تصرف کرنا | جائز نہیں ہے(الاسلام سوال وجواب) |
| .7 | میں نے چند اسلامی کیسیٹس کسی سے عاریتا لیا اب اس سے رابطہ نہ ہو سکا | فیہ تفصیل(الاسلام سوال وجواب) |

عاریتا لی گئی اشیاء کا لوٹانا ان کے مالک تک واجب ہے، اور اگر کسی صورت میں ایسا نہ ہو سکا تو اسے یہ اس کے مثل رقم کو صدقہ کر دینا چاہئے اس نیت سے کہ اللہ تعالی صاحب ملک کو اس کا ثواب دیدے، اور جب وہ صاحب ملک واپس لوٹ آئے تو اس کے لیے دو خیار ہیں یا تو وہ اس صدقہ سے راضی ہو جائے نہیں تو اسے اسکی عاریتا لی ہوئی چیز لوٹانی ہو گی۔

| | | |
|---|---|---|
| .8 | فلیٹ کے برتن استعمال کر کے واپس نہ کرنا | فیہ تفصیل(الاسلام سوال وجواب) |

کرایہ پر لیا گیا فلیٹ یا وہ اشیاء جو کرایہ پر لی جاتی ہی کرایہ دار کے پاس امانت ہے، اس کا معنی یہ ہوا کہ: اگر اس کی بغیر کسی کوتاہی اور زیادتی کے وہ چیز ضائع اور تلف ہو جائے تو وہ اس کا ضامن نہیں ہو گا.، اور اگر کرایہ پر لی گئی چیز کرایہ دار کی کوتاہی یا زیادتی کی بنا پر ضائع ہو جائے تو پھر کرایہ دار ضامن ہے، اور اسے اس کی مثل چیز دینا ہو گی، اگر اس کی مثل نہ ملے تو وہ اس کی قیمت ادا کریگا .

## اللقطة

| | | |
|---|---|---|
| .1 | جب کسی آدمی کی کوئی چیز گم ہو جائے، تو کوئی دعا؟ | ثابت نہیں ہے(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| .2 | گمشدہ چیز کا اعلان مکمل ایک سال | فیہ تفصیل( الشيخ ابن باز) |

اگر گمشدہ چیز حقیر ہو اور مالک اس کا اہتمام نہ کرے مثلا رسی، اور جوتے کا تسمہ، اور تھوڑی سی رقم، تو اس کی تعریف اور اعلان واجب نہیں، اسے اٹھانے والے کے لیے جائز ہے کہ وہ اس سے نفع حاصل کرے یا پھر مالک کی جانب سے صدقہ کر دے۔

ABM Workshops

گمشدہ اونٹ اور اس طرح کے دوسرے جانور جو چھوٹے درندوں مثلا بھیڑیے وغیرہ سے محفوظ رہ سکتے ہوں اس سے مستثنی ہیں، انہیں پکڑنا جائز نہیں، جب بھی کوئی گمشدہ اہم چیز ملے اس کا ایک برس تک لوگوں کے جمع ہونے والی جگہوں پر مہینہ میں دو یا تین بار اعلان کرے، اگر اس کا مالک آجائے تو اسے واپس کر دیا جائے، اور اگر نہ آئے تو ایک برس گزرنے کے بعد وہ اس کی ملکیت ہوگا، اس لیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی کا حکم دیا ہے۔

لیکن اگر وہ حرمین یعنی مکہ اور مدینہ میں حرم کی حدود میں سے ملے تو وہ اس کی ملکیت نہیں بن سکتا بلکہ اسے ہر وقت اس کا اعلان کرنا چاہیئے تاکہ اس کا مالک اسے حاصل کر لے یا پھر وہ حرمین کے گمشدہ اشیاء کے ادارہ کے سپرد کر دے تاکہ وہ اس کے مالک کے لیے اسے محفوظ کر لیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 3. | مکہ میں گری ہوئی گھڑی اٹھائی اور وہاں سے سفر کر گیا | فیہ تفصیل (الشيخ محمد بن صالح عثيمين) |

اسے مکہ کے ادارہ میں جا کر پہنچا دیں اور انہیں کہیں کہ مجھے یہ گھڑی فلان جگہ پر فلاں دن ملی تھی۔

| | | |
|---|---|---|
| 4. | چھوٹے سے بچے نے گمشدہ سونے کا ٹکڑا اٹھالیا | فیہ تفصیل (شيخ محمد صالح المنجد) |

جب چھوٹا بچہ یا پھر کم عقل اور مجنون کوئی گمشدہ چیز اٹھالے تو اس کی جگہ اس کا ولی اس کا اعلان کرے گا اور ضروری ہے کہ وہ ان سے وہ چیز لے لے اس لیے کہ وہ دونوں امانت اور حفاظت کے اہل نہیں ہیں، اور اگر ولی وہ چیز بچے اور مجنون کے پاس ہی رہنے دے اور وہ چیز ضائع ہو جائے تو اس پر ضمان ہو گی اور اسے ادا کرنی ہو گی۔

اور اگر ولی اس کا اعلان کرتا ہے اور مدت گزرنے کے بعد بھی مالک نہیں آتا تو وہ چیز ان دونوں کی ہے۔۔۔ جیسا کہ بڑے اور عقل مند کا حق ہے اسی طرح ان دونوں کو حاصل ہو گی۔

## وقف

| | | |
|---|---|---|
| 1. | بعض بیٹوں کو چھوڑ کر دیگر بعض کے نام وقف کرنا | جائز نہیں ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 2. | وقف کے مصارف کو تبدیل کرنا | فیہ تفصیل (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

وقف کرنے والے شخص کی لگائی ہوئی شرط کے مطابق چلنا واجب ہے، اور اسی طرح اس کی وقف کردہ جائیداد کو صرف اسی میں استعمال کرنا چاہیئے، جس کیلئے اس نے وقف کیا ہے، اور اس سے ہٹ کر کسی دوسری راہ میں اسکا استعمال جائز نہیں ہوگا، ہاں اگر وقف کردہ مال کا نفع ہی ختم ہو جائے، تو اس وقت شہر کا قاضی اس مسئلے میں کوئی دوسرا فیصلہ کر سکتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 3. | قرآن کریم کے نسخے کو وقف کرنا | جائز ہے (اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| 4. | وقف کرنے والے شخص نے وقف میں حرام شرط لگائی کیا ہم اس شرط کو پورا کریں؟ | فیہ تفصیل (الاسلام سوال وجواب) |

جس نے بھی کوئی حرام شرط رکھی تو اس شرط کو پورا کرنا جائز نہیں ہے، کیونکہ رسول کریم ﷺ کا فرمان ہے: ان لوگوں کا کیا حال ہے جو ایسی شرطیں رکھتے ہیں جو کتاب اللہ میں نہیں، جو شرط بھی کتاب اللہ میں نہیں تو وہ شرط باطل ہے، اگرچہ وہ ایک سو شرطیں بھی کیوں نہ ہوں، اللہ تعالی کا فیصلہ حق ہے، اور اللہ تعالی کی شرط زیادہ پختہ ہے۔ (بخاري، مسلم)

ABM Workshops

| | | |
|---|---|---|
| .5 | مفت تقسیم کی جانے والی وہ کتابیں اور کیسٹیں جن پر "وقف للہ" نہیں لکھا ہوتا ہے، تو کیا ان کا فروخت کرنا جائز ہے؟ | جائز نہیں ہے(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| .6 | وقف کردہ کتابوں کا خریدنا اور بیچنا | جائز نہیں ہے(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |

## الهبة

| | | |
|---|---|---|
| .1 | اپنے بھائی کو کوئی چیز ہبہ کی لیکن اس نے اسے قرض کے طور پر لیا تو کیا اگر وہ واپس لوٹائے تو وہ گنہگار ہوگا | فیہ تفصیل(اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء) |
| | اس کی واپسی میں اس پر کوئی حرج نہیں، لیکن ہبہ کرنے والے کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ ہبہ کردہ چیز کو لوٹانے کا مطالبہ کرے، اور نہ ہی از خود لوٹائے جانے پر اس کو واپس قبول کرے، سوائے اس کے کہ جس کو ہبہ کیا گیا ہے وہ اسے اپنے پاس رکھنے سے انکار کر دے، ایسے میں ہبہ کرنے والے کو چاہیے کہ اسے لے لے۔ | |
| .2 | ہبہ کرتے ہوئے دادا یا نانا اپنے کسی ایک نواسے یا پوتے کو زیادہ دے دسکتا ہے؟ | فیہ تفصیل(الشيخ ابن عثيمين) |
| | دادا یا نانا اپنے کچھ پوتا پوتیوں یا نواسہ نواسیوں کیلئے کوئی چیز مختص کرے اور کچھ کو نہ دے تو اس میں ان شاء اللہ کوئی حرج نہیں ہوگا، اگرچہ اختلاف سے بچتے ہوئے افضل یہی ہے کہ ان میں بھی عدل ہی کیا جائے۔ | |
